صحیفۃ الاولیاء

میر سید محمد نور بخشؒ

تحقیق و ترجمہ

مولانا علی محمد ہادی شگری

تیارکندہ:

این وائی ایف (منظور کالونی محمود آباد یونٹ) کراچی

صحیفۃ الاولیاء

اثر

میر سید محمد نور بخش رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق و ترجمہ

مولانا علی محمد ہادی شگری

تیار کندہ

نور بخشیہ یوتھ فیڈریشن (منظور محمود یونٹ) کراچی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب: صحیفۃ الاولیاء

:نام مؤلف: میر سید محمد نور بخش

نام مترجم: مولانا علی محمد ہادی

نام کمپوزر: ایم ناظم نور بخش

NYF Manzoor & Mehmoodabad Unit Karachi

فہرست مضامین

عنوان

مقدمہ

ہمت سے کام لینا

شاہ ہمدانؒ کی ریاضت کسی

فنافی اللہ کا مقام:۔

ولی کا کلی اتفاق ہے۔

میر سید محمد نور بخش کا مقام فنافی اللہ

ہم عصروں کی رفعت مقامی:

بہاء الدین کشمیری

ہندوستان

شیخ رکن عالم ملتانی

حسین بدخشی

رومی ختلانی

محمد سمرقندی

حاجی ولی حصاری

سعدالدین مشہدی

علی قہستانی

محمد بن علی شاہ جلوپائی

عنوان

دخول جنت کا مدار فضل خداوندی

شیخ علاؤالدولہ سمنانی

سید محمد نور بخشؒ کی رفعت مقامی

ملحد کون ہے؟

لفظی الحاد اور توحید

محمد الوندی مرید نور بخش کا مقام

کشمیر

اطوار سبعۂ قلبیہ

شیخ اسحٰق ملتانی

کابلستان

ترکستان

ماوراالنہر

شمس الدین محمد ترمذی

فصیح ،مظفر اور ابراہیم حصاری

قہستان

اخلاق بد کا شوم

علی بن بہاء الدین قائنی

جنید قائنی

سید زین العابدین بن

سید سلطان علی قائنی

زین العابدین بن سلطان علی قائنی

علی شاہ تونی

لقمان مشہدی

بختیار یزدی

علی بلخی

سید محمد دامغانی

فخر الدین بدخشی

علی اسود

محمود ناصر

سید زین العابدین ہروی

بابا حسن ہروی

نجم الدین عمر ساوی

اسفرائن

بایزید اسفرائنی

شیراز

ظہیر شیرازی

سید احمد قائنی برادر نور بخش

علی بن احمد قائنی برادرزادۂ نور بخش

سید محمد قائنی

شرف الدین محمد تونی

شیخ احمد قریشی قہستانی

محمد طوسی

عطا بلخی

بدخشان

سید سلطان اویس بدخشی

غلام و جمال بدخشی

خواجہ چالاک

خراسان

ہمام مجذوب کرمانی

شریعت میں مقام مجذوب

بلبل ساوی

حاجی علی اسفرائنی

خواجہ ولی

عبداللہ شیرازی

عبدالرحمان

ابن عبدالسلام شیرازی	خواجہ احمد
محمد شیرازی	عزالدین شیرازی
عراق (فارس ایران)	علی گلہ بان
شمس الدین نائنی	صالحہ نائنی
بابا محمد	سید حیدر رازی
جلال الدین	جمال الدین
محمد رازی	بایزید خلخالی
میرک خارکش	بابا علی
باباحسین قدس سرہ	رکن ابدال
حمزہ	سالوک
حاجی علی	شیخ احمد
شہاب الدین زربادی	یوسف زربادی
بہاؤالدین قروی	شیخ تاجی
محمد الوندی	علاؤالدولہ عبداللہ ہمدانی
محمد سویری	محمد خرم آبادی
خوزستان	عیسی خوزستانی
احمد	سکندر ترک
شیخ شہاب الدین خوزانی	حسن دربندی
شہاب الدین عمر خوزانی	شیخ شبلی دیلمی

محمود سمنانی
ہادی ہلالی ماژندرانی
درویش آغا ماژندرانی
ابن شہاب باکوروی
پیل شاہ لہوی
مادر قاسم زوجہ نور بخش
سعد الحق پسر نور بخش
اطفال نور بخش
علاؤالدین علی کیا گیلانی
حمزہ استاد رشتی
لبام بن قواس
عبدالرحیم رومی
تبریز
شعبان شروانی
پیرزادہ شروانی
شیخ زادہ اردبیلی
چند گمراہ فرقے
صحبت اولیا کی توفیق
پانچ مظہر جامع اولیاءاللہ
مصنف کا سلسلۂ طریقت
سید تاج الدین ابن ہادی
درویش آغا ماژندرانی
صوفی علی ماژندرانی
صوفی حسین باکوری
شاہ قاسم فیض بخش
فخر النساء دختر نور بخش
خیر النساء
گیلان
کاملہ بنت علادین علی کیا
در بیان ولی ومجذوب
روم (ترکی)
شناخت اولیا
حسین تبریزی
محمد شروانی
پیران باطل
اسحاق مراغی
مجنون اور مجذوبان حق میں فرق
امام یا مرشدین حقیقی واضافی کا بیان
نور بخش کا اپنا تعارف

مقدمہ

بقلم غلام حسن حسنو ایم اے

حضرت میر سید محمد نوربخش رحمۃ اللہ علیہ کے آباءواجداد بحرین کے رہنے والے تھے جہاں سے ان کے دادا حضرت عبداللہ امام علی بن موسی الرضا کے روضۂ مبارک کی زیارت کے لئے ایران آئے مراسم زیارت کی ادائیگی کے بعد وہیں قائین نامی بستی میں بس گئے وہیں سید محمد پیدا ہوئے ان کے ہاں یوم جمعہ 27 محرم 795ھ مطابق 13 دسمبر 1392ء ایک بچہ پیدا ہوا جس کا نام انہوں نے اپنے نام پر ''محمد'' رکھا جو آگے چل کر ''نوربخش'' کے نام سے مشہور ہوا کیونکہ بے حد ذہین وفطین واقع ہوئے تھے چنانچہ سترہ سال کی عمر میں اس وقت کے مروجہ علوم و فنون میں تبحر حاصل کیا اور پھر ذوالحجہ 819ء میں روحانی تربیت کے لئے قطب دوران حضرت خواجہ اسحاق ختلانی رحمۃ اللہ علیہ (مرید، داماد اور خلیفہ میر سید علی ہمدانی) کے مرید ہوگئے پیر و مرشد آپ کی بے پناہ سعی و کوشش اور بے مثال خدا داد استعداد سے بے حد متاثر ہوئے اور بقولِ شمس الدین محمد لاہیجی ایک غیبی اشارے کے تحت نوربخش کا لقب دیا ؎

آمدہ از غیب نامش نوربخش

بود چوں خورشید بامش نوربخش[1]

آپ نے کچھ عرصہ مرشد کی خدمت میں ختلان ہی میں گزار دیے آپ کے مرشد خواجہ اسحاق ختلانی نے نہ صرف آپ کو خط ارشاد سے نوازا بلکہ

اپنے مرید کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہوئے اپنے مریدوں کو بھی نوربخش کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی ہدایت کی نوربخش کا اپنا بیان ہے کہ ۔

پیریم و مریدِ خواجہ اسحاق
آن شیخِ شھید قطبِ آفاق
کو بود مرید پیر فانی
شاہِ ہمدان علیِ ثانی
دادند بہ حال ما شہادت
بردند سعادتِ شہادت2ے

یہ خواجہ اسحاق ختلانی کے ذاتی قلعے قلعہ حصار الدین واقع کوہ تیری ختلان میں یوم جمعہ 14 رجب 826ء کو پیش آیا تھا مسلک ہمدانیہ کے مرشد مقرر ہونے کے بعد آپ نے زور شور سے تبلیغ وارشاد کا انقلابی سلسلہ شروع کیا جسے مرزا شاہرخ کے گورنر بایزید نے سلطنت تیموری کے خلاف بغاوت پر محمول کیا چنانچہ تیموری لشکر نے رات کے اندھیرے میں ان نہتے لوگوں پر دھاوا بو ل دیا جس کے نتیجے میں 80 صوفی وہیں شہید ہوگئے 3ے خواجہ اسحاق اور سید محمد نوربخش سمیت بہت سے صوفی گرفتار ہوئے بعد ازاں خواجہ اسحاق اور ان کے بھائی شہید کردئے گئے باقی صوفیوں کو رہا کر دیا جبکہ نوربخش مرزا کی موت (850ھ) تک قید، مختلف پابندیوں کے پابند 4ے اور جلاوطن رہے شاہرخ مرزا کی وفات کے بعد سلطنتِ تیموری کے مزید حصے بخرے ہوئے اس کے جانشین داخلی کشمکش کا شکار ہوئے جگہ جگہ اٹھنے والی شورشیں فروکرنے میں مشغول ہوگئے نوربخش کی جانب توجہ دینے کی

کسی کو فرصت نہ ملی یوں آپ ہر قسم کی پابندی سے آزاد رہے اس دوران آپ نے بہت سے علاقوں کا تبلیغی دورہ کیا کتابیں اور رسالے لکھے حکومت کے اہلکاروں، عام لوگوں اور روسائے مملکت سے تعلقات استوار کیے یوں 73 برس کی بھرپور انقلابی زندگی گزار کر اس وقت کے مشہور شہر ''رے ،،(موجودہ ایرانی دارالحکومت تہران) کے مضافات میں واقع ''صولغان،، ایرانی تلفظ ''سولقان،، میں 14 ربیع الاول 869ھ مطابق 15 نومبر 1464ء کو یوم جمعرات بوقت چاشت جان ، جان آفرین کے سپرد کیا اپنے قائم کردہ باغ میں مدفون ہوئے جہاں آپ کا مزار مبارک اب بھی مرجع خلائق ہے5۔

اولاد و احفاد

آپ نے اپنی کتابوں رسالۃ الھدی اور صحیفۃ الاولیاء میں اپنے تین بیٹوں شاہ قاسم فیض بخش، میر سعد الحق اور سید جعفر6 ، دو بیٹیوں فخرالنساء و خیرالنساء اور بیوی کے علاوہ بھائی احمد اور بھتیجوں کا بڑے فخر کے ساتھ ذکر کیا ہے آپ کی وفات کے بعد آپ کے نامور مریدوں اور خلفاء نے بالاتفاق شاہ قاسم کو نوربخش کا جانشین بنایا چنانچہ انہوں نے نوربخشیہ تحریک کو آگے بڑھایا میر سعد الحق بچپن میں فوت ہوئے سید جعفر ایران سے افغانستان آکر ترمذ میں گمنامی کی زندگی بسر کی لیکن ان کے بیٹے سید علی بونیر میں سکونت اختیار کر کے بڑی شہرت حاصل کی اور اب تک صوبہ سرحد، قبائلی علاقوں اور افغانستان میں ''پیر بابا بونیری ،، کے نام سے بے حد مشہور ہیں7

ایران میں نوربخش کی نسل شاہ قاسم سے بڑھی ان کے بیٹے شاہ بہاؤ

الدولہ حسن اور پوتے شاہ قوام الدین بڑے ذی علم صاحب تصنیف گزرے ہیں جو بالترتیب کتاب ہدایت الخیر اور کتاب نوربخشیہ مشتمل بر دس ابواب کے مصنف ہیں 8۔

نامور خلفاء اور مریدین

آپ نے سیمابی طبیعت پائی تھی آپ خوددرس دیتے اور لوگوں کی روحانی تربیت فرماتے تھے ان کے علاوہ اپنے قابل اعتماد خلفاء اور مریدوں کو تبلیغ وارشاد کے لئے مختلف علاقوں میں بھیجتے ، پڑھے لکھے لوگوں کی خط و کتابت اور تصنیف و تالیف کے ذریعے راہنمائی کرتے تھے،روحانی انقلابی نظام ''خانقاہ،، سے افادۂ عام کردیا تھاان سب سے بڑھ کر آپ کی شخصیت ہی ایسی تھی کہ لوگ آپ کی جانب کھنچے چلے آتے اور استفادہ و استفاضہ سے بہرہ ور ہوتے تھے چنانچہ ان ذرائع سے استفادہ کرنے والے لاکھوں ہوتے تھے جس کا اندازہ مختلف تاریخی کتابوں اور نوربخش کے اپنے خطوط کی عبارات سے ہوتا ہے نوربخش نے اپنی کتاب رسالۃ الھدی اور صحیفۃ الاولیاء 9 میں بالترتیب 112 اور 46 جان نثار ساتھیوں کا ذکر کیا ہے آپ نے بعض نامور مریدوں کو سنت مشائخ صوفیہ کے تحت مختلف علاقوں میں دعوتی ذمہ داریاں دے کر روانہ کیا تھا جنہوں نے ان علاقوں میں تحریک نوربخشیہ کو خوب پھیلایا ذیل میں چند نامور خلفاء اور ان کے اوطان کا نام درج کئے جاتے ہیں جن سے آپ کے اثر و نفوذ کا اندازہ کیا جاسکتا ہے ۔

1- حاجی محمد متخلص بہ فراقی سمرقند

2- شیخ محمود بحری بحرآباد

3-مولانا حسین کوکئی ماوراء النہر

4-برہان الدین بغدادی عراق

5- شمس الدین محمد متخلص بہ اسیری لاہیجان

6-شیخ محمد غیبی صولغان رے

7-شیخ محمد الوندی ہمدان

8-خلیل اللہ بغلان

9-مولانا حسن گیلان

10-سلیمان مکاری کشمیر

11-شیخ محمد اسحاق ملتان

سیدمحمدنوربخش کی وفات کے بعد ان کے نامور خلفاءنے بالاتفاق سیدقاسم فیض بخش کو نوربخش کا جانشین نامزدکیا تھا اور انہوں نے تحریک نوربخشیہ کی قیادت سنبھالتے ہی متعدداقدامات کئے جن کی وجہ سے یہ تحریک ایران وتوران اورشام ومصر سےکشمیر وبلتستان تک پھیل گئی کشمیرو بلتستان میں تو صدیوں تک نوربخشیوں کو اقتدار بھی حاصل رہا اب بھی یہ سلسلہ متعدد ملکوں میں تھوڑی بہت فرق کے ساتھ متداول ہے ۔

آثار نوربخش

مسلک نوربخشیہ کے بزرگوں کا یہ امتیاز رہا ہے کہ اس سلسلے سے وابستہ بزرگ اپنے اپنے وقت کے مروجہ علوم و فنوں کے متبحر عالم تھے اور

ساتھ ہی تبلیغ وارشاد میں منہمک رہنے والے مبلغ دین اور مرشدطریقت بھی تھے علاوہ ازیں وہ تصنیف و تالیف کی اہمیت و افادیت سےبھی کماحقہ واقف و آگاہ تھے چنانچہ انہوں نے بکثرت کتابیں اور رسالے لکھے جو امتداد زمانہ کی چیرہ دستیوں کے باوجود اب تک محفوظ ہیں میرسیدمحمدنوربخش ان میں سے ایک ہیں آپ کی مختلف موضوعات پر اصل تصنیف27 کتب و رسائل راقم کے پاس موجود ہیں آپ بہت اچھے انشاء پرداز اور منجھے ہوئے عرفانی شاعر ہیں آپ فارسی بالخصوص عربی زبان میں ایک خاص علمی و ادبی طرز تحریر کے بانی ہیں راقم کے پاس موجودآپ کے تصانیف کی فہرست یہ ہے -

1	الفقہ الاحوط	2	رسالۃ الھدی	3	کتاب الاعتقادیہ
4	سلسلۃ الاولیا	5	معراجیہ	6	عبرت نامہ
7	واردات نوربخش	8	دیوان نوربخش	9	نوریہ
10	اقسام دل	11	مکارم اخلاق	12	شرح حدیث عما
13	رسالہ در آیت	14	تلویحات	15	فوائد
16	انسان نامہ	17	معاش السالکین	18	کشف الحقائق
19	وجودیہ	20	نفس ناطقہ	21	قدوم وحدوث
22	جواب فقہاء	23	مکاتیب نوربخش	24	عوالم خمسہ
25	معرفت ولی	26	سیروسلوک	27	صحیفۃ ا لاولیاء

ان کے علاوہ وہ منسوب کتابیں بھی موجود ہیں جنہیں کچھ اہل علم نے لاعلمی

و اشتباہ کی بنا پر آپ کی طرف منسوب کردی ہیں جیسے ڈاکٹر اسداللہ مصطفوی کا میر سید علی ہمدانی کا رسالہ درویشیہ بنام رسالہ نفس شناسی اور اسی کا سید حسن شاہ کا اسی نام سے اردو ترجمہ اور سید والہ موسوی کا نجم الھدی اور علی محمد ہادی کا اسی نام سے اردو ترجمہ۔بعض نے محض ذاتی گروہی مفادات کے لئے کتابیں لکھیں اور نوربخش کی طرف منسوب کردیا جیسے سید قاسم شاہ کھرکوی کا کتاب نوربخشیہ، تفسیر مزرعۃ الاولیا اور مصائب عترت الطاہرہ ۔مشتاق علی کا میراث جاویدان اور سجاد حسین کندوسی کا ترجمہ رفع اختلاف اور بعض نے دوسروں کی لکھی ہوئی کتابیں آپ کی طرف منسوب کرکے آپ پر ظلم ڈھانے کا جرم کیا جیسے عبدالرحیم دہکردی کا نورعلی شاہ اصفہانی کی جنات الوصال کو بنام کشف الحقیقت فی عوالم الوحدت والکثرت شائع کرنا نہ صرف انہیں منسوب کرنا جرم ہے بلکہ اس کی حمایت کرنا ''عذر گناہ بدتر از گناہ،، کے زمرے میں آتا ہے

تذکرۃ الاولیاء

تذکرۃ الاولیاء امت مسلمہ میں شروع سے ہی ایک مقبول عام موضوع ہے مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ اولیاء اللہ یعنی اللہ کے دوست، اللہ کے حامی اور اللہ والے شروع سے موجود رہے ہیں وہ انہیں دوقسموں میں تقسیم کرتے ہیں ولایت عامہ اور ولایت خاصہ- ولایت عامہ میں تمام اہل ایمان شامل ہیں وہ اس آیت سے استدلال کرتے ہیں اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ (المائدہ ۵۵) بیشک تمہارا ولی اللہ، اس کا رسول اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے وہ نماز قائم کرتے اور زکوۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں چنانچہ ہر مسلمان مومن اللہ کا بقدر ایمان وعمل ولی ہوتا ہے اور ولایت خاصہ میں صرف وہ لوگ شامل ہیں جو اللہ کے خاص بندے ہیں جنہیں اللہ تعالی ولایت خاصہ سے مشرف فرماتے ہیں اس ضمن میں وہ اس آیت سے استدلال کرتے ہیں اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ (یونس ۶۲) بےشک اللہ کے اولیاء ہیں انہیں کوئی خوف ہے نہ کوئی غم-

چنانچہ اکابرین امت نے ان کی شناخت ومعرفت اور ذکر خیر کے موضوع پر قلم اٹھایا امام ابونعیم اصفہانی کی حلیۃ الاولیاء، عبدالرحمان سلمی کی طبقات اولیاء اسی سلسلے کی کڑی ہیں اس موضوع پر ہزاروں کتابیں موجود ہیں جن میں تذکرۃ الاولیا از فریدالدین عطار، نفحات الانس از عبدالرحمٰن جامی، طرائق الحقائق از معصوم علی شاہ اور روضات الجنان از حافظ حسین کربلائی وغیرہ بہت مشہور کتابیں ہیں-

میر سید محمد نور بخش کی اولیائے کرام کے موضوع پر پانچ منظوم و منثور کتابیں دستیاب ہیں-ذیل میں ہم ان پر ذرا تفصیل سے گفتگو کرتے ہیں-

1- سلسلۃ الاولیاء

یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اولیائے کرام کے بارے میں ایک کتاب ہے اور یہ عربی میں ہے اس میں تمام سلاسل کے اولیا کا ذکر ہے خواہ وہ فوت ہو گئے ہوں یا تصنیف کے وقت زندہ ہوں-سلسلۃ الاولیاء ایک بار ایران میں شائع ہو چکا ہے جس کا منحصر بہ فرد نسخہ ایک معاصر ایرانی دانشور آقائے دانش پژوہ کو ملا تھا جو اب بھی کتابخانہ ملک تہران میں موجود ہے دانش پژوہ نے اسے جشن نامۂ ہنری کربن نامی کتاب میں کتابی سائز میں شائع کیا ہے اور ہمارے پاس موجود ہے ہمارے خیال میں وہ یقینی طور پر میر سید محمد نور بخش کی تصنیف ہے بقول مرتب یہ کتاب نامکمل ہے مرتب کی یہ بات درست لگتی ہے کیونکہ زیر تبصرہ چھاپی نسخے میں سلسلہ ذہب کے ابتدائی تین چار مشائخ کا تذکرہ موجود نہیں ہے اس کا کامل نسخہ ابھی تک دستیاب نہیں ہے-اس ناقص نسخے میں کل 256 اولیاء کا تذکرہ ہے مصنف نے مختصر الفاظ میں اولیاء کا تذکرہ روحانی مقام و منزلت کے حوالے سے کیا ہے نہ کہ ماہ و سال کے لحاظ سے-

1- مشجر الاولیاء

اس نام سے ایک کتاب کے اقتباسات کئی کتابوں مثلاً مجالس المومنین، طرائق الحقائق، اخبار الاخیار، کلمات الصادقین وغیرہ میں نقل ہوئے ہیں اور اسی نام سے دو جلدوں میں ایک کتاب بمع اردو ترجمہ مکتبہ قدوسیہ لاہور سے شائع ہوئی ہے جلد اول کا

متن عربی میں اور جلد دوم کا متن فارسی زبان میں ہے جلد اول میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سمیت امام علی سے امام محمد مہدی تک بارہ ائمۂ اطہار کا تفصیلی تذکرہ شامل ہے جبکہ جلد دوم میں حضرت معروف کرخی سے خواجہ اسحاق ختلانی تک میر سید محمد نور بخش کے سلسلے کے بزرگوں کا تفصیلی تذکرہ ہے اگرچہ ان جلدوں میں مذکورہ بالا کتابوں میں مندرج اقتباسات من وعن موجود ہیں لیکن اس میں ملا حسین واعظ کاشفی کی تفسیر حسینی اور سلسلۃ الذہب دونوں سے بہت سارے مضامین اور اقتباسات من وعن شامل کتاب ہیں جو اس کتاب کے انتساب بہ میر سید محمد نور بخش کو مشکوک بناتے ہیں کیونکہ تاریخی لحاظ سے ملا حسین واعظ کاشفی سید محمد نور بخش کے بعد کا آدمی ہے نیز اس میں کلمات خواجہ اسحاق کے عنوان سے وہ سارے کلمات درج ہیں جو خواجہ بہاؤالدین نقشبند کی ہیں جنہیں آج تک نقشبندی سلسلے میں کلیدی کلمات کی حیثیت حاصل ہے۔ بہر حال اس میں کل 32 اولیاء کا تفصیلی تذکرہ سوانح عمری کے حوالے سے ہے علاوہ ازیں 17 کا مختصر تذکرہ ہے اس کا کوئی قلمی نسخہ آج تک دستیاب نہیں ہوا ہے۔

3- رسالۃ الھدی

یہ دو ابواب پر مشتمل عربی میں ایک کتاب ہے اس میں میر سید محمد نور بخش نے اپنے مریدوں کا تذکرہ کیا ہے گو اس کتاب کا باب اول مہدیٔ موعود کے بارے میں ہے لیکن باب دوم میں انہوں نے اپنے مریدوں کی مکمل فہرست دی ہے جو غالباً 112 افراد پر مشتمل ہے گویا یہ کتاب نور بخش کے صرف اپنے سلسلے کے اولیاء کا تذکرہ ہے جو کتاب کی تالیف کے وقت زندہ موجود تھے۔ یہ کتاب ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہے اس کے دو قلمی

نسخے ترکی میں دریافت ہوئے ہیں دونوں کی ٹریسنگ کاپی ہمارے پاس موجود ہیں۔

4- رسالہ در معرفت اولیاً

یہ چند اوراق پر مشتمل مختصر سا فارسی زبان میں ایک رسالہ ہے اس میں اولیائے کرام کی شناخت و معرفت اور ان سے تمسک و وابستگی کے بارے میں مختصر مگر جامع بحث ہے لیکن اس میں کسی بھی ولی اللہ کا تذکرہ نہیں ہے صرف حضرت شیخ علاؤالدولہ سمنانی کا مدینے میں قطب وقت سے باریابی کی دعا کرنے اور بعد میں عبدالوہاب بارسینی سے ملاقات ہونے کا ذکر ہے۔ یہ اب تک جعفر صدقیانلو کی تحقیقی کتاب ''احوال و آثار میر سید محمد نور بخش،، کے ساتھ دو بار ایران میں شائع ہوئی ہے جس کی فوٹو کاپی ہمارے پاس موجود ہے اس کا ایک ہی قلمی نسخہ موجود ہے۔

5- صحیفۃ الاولیا

یہ میر سید محمد نور بخش کی ایک معرکتہ الآرا فارسی میں منظوم کتاب ہے جس میں شاعر مصنف نے اپنے بقول ان اولیاء کا تذکرہ کیا ہے جو اس کو نظم کرتے وقت زندہ اور بقید حیات تھے۔

صحیفۃ الاولیاء کے بارے میں آپ مزید آگے پڑھیں گے۔

کچھ مترجم کے بارے میں

مولانا علی محمد ہادی مدظلہ العالی صاحب حقیقی معنوں میں عاشق خدا ورسول اور محبّ علی وحسنین ہیں مولانا صاحب1965 میں شگر کے موضع گلاب پور میں پیدا ہوئے انہوں نے ابتدائی تعلیم شگر ہی میں حاصل کی بلا کے ذہین تھے چنانچہ ہر کلاس میں اول پوزیشن لیتے رہے پھر مولانا غلام رسول براہوی کی تحریک اور راہنمائی میں حصول علم کے لئے کراچی چلے گئے جہاں عالم اسلام کے مشہور دینی تعلیمی مرکز جامعہ اسلامیہ بنوری ٹاؤن اور جامعہ امجدیہ میں داخلہ لیا اور وہیں سے فارغ التحصیل ہوئے علاوہ ازیں آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے کیا ہے۔

حصول تعلیم کے بعد آپ شگر واپس آئے اور محکمہ تعلیم سے منسلک ہوئے پہلے بی ایڈ کیا پھر اعلی امتیازی نمبروں سے ایم ایڈ کیا مختلف سکولوں میں تعلیم وتدریس میں مصروف رہے۔ہائی سکول گلاب پور میں تعیناتی کے دوران ان کی سید نواز حسین یحیوی کے ساتھ حالات کشیدہ ہوئے جو سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے چنانچہ ان کے بدخواہوں نے گھناؤنی سازشوں کا جال بچھایا جس میں دونوں پھنس گئے اور اس وقت ایک عدالتی فیصلے کے نتیجے میں جیل میں پابند سلاسل ہیں۔

مولانا صاحب بلا کے ذہین واقع ہوئے ہیں ہر موضوع پر گفتگو کرنے کی بھر پور صلاحیت رکھتے ہیں عربی ،فارسی ،اردو ،انگریزی اور بلتی میں مہارت تامہ رکھتے ہیں قیام سکردو کے دوران مولانا صاحب ہائی سکول نمبر ایک میں اور مولوی محمد ابراہیم فیضی ہائی سکول سکیمید ان میں ثانوی کلاسوں کو انگریزی پڑھایا کرتے تھے ٹھیٹھ مولویوں کو کلاسوں

میں انگریزی پڑھاتے دیکھ کران کے ساتھی اساتذہ حیران ہوتے تھے لیکن اس سے بھی حیران کن بات یہ تھی کہ ان کے شاگرد انگریزی میں اچھے نمبر لیتے تھے۔

میں نے میر سید علی ہمدانی کی کسی کتاب میں پڑھا تھا جس کا ماحصل یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بہت سے لوگوں کو جہنم میں ڈال دینگے بعض جل بھن جائیں گے اور بعض وہاں سے پاک وصاف ہو کر نکلیں گے جل بھن جانے والے کفار ومشرکین ہیں اور کندن بن کر نکلنے والے خطا کار مؤمن ۔ کفار ومشرکین ہمیشہ کے لئے جہنم میں جائیں گے اور وہ اس کے ایندھن بن جائیں گے جبکہ خطا کار مؤمن چند دنوں کے لئے ۔ جب غل وغش جل کر کندن بن جائیں گے تو وہ جنت میں جائیں گے دنیا میں اس کی مثال سنار کی کٹھالی میں ڈالی جانے والی چیزیں ہیں جس میں کوئلے بھی ڈالے جاتے ہیں اور سونا چاندی بھی ۔ کوئلہ ایندھن کی حیثیت سے وہیں جل بن کر فنا ہو جاتے ہیں اور سونا چاندی وہیں سے کندھن بن کر نکلتے ہیں''

میں نے میر سید علی ہمدانی کے اس بیان کو دنیا میں حرف بحرف عملی جامہ پہنتے ہوئے دیکھا ہے مولانا علی محمد ہادی مدظلہ العالی صاحب اس کی جیتی جاگتی مثال ہے ان کے بدخواہوں کی سازشوں کے نتیجے میں وہ پہلے سنٹرل جیل گلگت اور اب ڈسٹرک جیل سکردو میں مقید ہیں اس دوران انہوں نے وہ وہ علمی وعرفانی کام سرانجام دیئے ہیں جن کا کوئی مصنف ومؤلف خواب ہی دیکھ سکتے ہیں جس طرح ماضی میں بہت سے اہل علم و فضل نے جیل کی کال کوٹھری میں علم وعرفان کے شمع کو فروزاں رکھا انہوں نے انہی کی سنت کو پروان چڑھایا کون نہیں جانتا کہ میر سید محمد نور بخش کو ان کے حریف مرزا شاہرخ

نے پابجولان جلاوطن کرنے کا حکم دیا اس کی تعمیل کے دوران میر صاحب سے ایک لاکھ سے زیادہ سالکین طریقت مستفید و مستفیض ہوئے جس کی تفصیل جامع مراسلات اولوالالباب میں موجود ہیں۔

مولانا صاحب مدظلہ العالی نے میر سید محمد نور بخش کی زیر نظر منظوم کتاب صحیفۃ الاولیاء کا پہلے تحقیقی متن تیار کیا پھر اس کا اردو نثر میں ترجمہ مکمل کیا ہے جبکہ اس ہیچمدان نے اس کا مقدمہ، اور تعلیقات واشاریہ ترتیب دی ہے۔

مولانا صاحب نے اب تک دو کتابوں کا ترجمہ شائع کیا ہے پہلے انہوں نے میر سید محمد نور بخش کی مکارم اخلاق کا اردو ترجمہ شائع کیا پھر نجم الھدی حصہ اول -جیل یاترا کے دوران اب تک انہوں نے درج ذیل کتابوں کا اردو میں ترجمہ مکمل کیا ہے جو ابھی تک شائع نہیں ہوئی جنہیں ہم ان شاء اللہ مستقبل قریب میں شائع کرنے کا عزم رکھتے ہیں نجم الھدی حصہ دوم، تفسیر نجم القرآن، سلوۃ العاشقین، العروہ لاہل الخلوۃ والجلوہ، الحاظر المناظر، شطرنجیہ، فرحۃ العاملین اور معراجیہ-

مولانا صاحب نہایت دلیر، سخی، ہنس مکھ، بذلہ سنج، صاف گو، صحیح العقیدہ، با عمل، روشن خیال، عالم دین ہیں علاوہ ازیں وہ بہترین مقرر، بے مثال مناظر اور نکتہ رس فقیہہ بھی ہیں- حج بیت اللہ سے مشرف ہو چکے ہیں آپ کی مفتی اور قاضی کی حیثیت سے گرانقدر خدمات ہیں نور بخشی علماء میں سب سے زیادہ متحرک ہیں جس کی وجہ سے انہیں عوامی، سرکاری، دینی اور سیاسی حلقوں میں بے حد پذیرائی حاصل ہے یہی ہر دلعزیزی اور ہر سطح پر ان کی قائدانہ کارکردگی ان کے حاسدین کے لئے ناقابل برداشت ہیں-

کچھ صحیفۃ الاولیاء کے بارے میں

5- صحیفۃ الاولیا

یہ میر سید محمد نوربخش کی ایک معرکتہ الآرا فارسی میں منظوم کتاب ہے جس میں شاعر مصنف نے اپنے بقول ان اولیاء کا تذکرہ کیا ہے جو اس کو نظم کرتے وقت زندہ اور بقید حیات تھے چنانچہ مصنفؒ خود فرماتے ہیں ۔

بنا م خدا کر ده ام عز م جزم
که آر م بسی اولیا را بنظم
و لیکن همه اولیا ی زما ن !!
نه آنانکه رفتند از ین خا کد ا ن

یعنی میں نے اللہ کے نام پر پکا ارادہ کیا ہے کہ میں بہت سے اولیائے کرام کو نظم کی لڑی میں پروؤں ۔اس میں صرف اس زمانے کے اولیا کو جو دنیا میں زندہ موجود ہیں نہ کہ اُن اولیا کو جو اس دنیا سے رخصت ہو کر چلے گئے ہیں-

اگرچہ مصنف نے صرف اس وقت زندہ اور موجود اولیا کا تذکرہ کرنے کی بات کی ہے لیکن اس میں اپنا زنجیرۂ طریقت بھی دیا ہے جو خواجہ اسحاق ختلانی سے شروع ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ختم ہوتا ہے نیز اس میں بے شمار دوسرے ایسے موضوعات پر بھی انہوں نے کلام کیا ہے جو اولیائے کرام یا ولایت سے بالواسطہ یا بلا واسطہ تعلق رکھتے ہیں مثلا اولیاء کی شناخت و پیروی، مجاذیب حق کی نشانی اور ان کے

بارے میں شرعی فتوی، اپنا اور اپنے سلسلۂ طریقت کا تعارف، پیران باطل کی نشانی اور ان کی مثالیں، عمل صالح کی اہمیت وغیرہ وغیرہ۔

اس میں سید محمد نوربخش نے صرف اپنے سلسلے کے اولیا کا تذکرہ ہی نہیں کیا بلکہ تمام سلسلوں اور تمام ملکوں کے اولیا کا تذکرہ کیا ہے یہ تذکرہ مفصل نہیں بلکہ نہایت اختصار کے ساتھ صرف اولیاء کے روحانی مقام و کیفیت کے بارے میں ہے۔اس میں کل 119 اولیاء کا تذکرہ ہے۔

یہ کتاب ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہے اس کے درج ذیل قلمی نسخوں کا ہمیں علم ہے۔

1- برات لائبریری خپلو بلتستان

یہ خط نستعلیق پختہ میں مکمل نسخہ ہے اور بلتستان کے مشہور خطاط میر عبداللہ عراقی کے ہاتھ کا لکھا ہوا مخطوطہ ہے جن کے 1118ھ سے 1190ھ کے دوران لکھے گئے مخطوطات بلتستان میں عام ملتے ہیں۔ اس میں کل ۳۵ صفحات ہیں اور ہر صفحے پر ۱۳ سطریں ہیں اور کل اشعار ۴۴۶ ہیں اس کے ساتھ نوربخش کی عبرت نامہ اور واردات نوربخش بھی ہیں لیکن کوئی ترقیمہ موجود نہیں ہے۔

2- برات لائبریری خپلو بلتستان

یہ نسخہ بھی برات لائبریری میں موجود ہے یہ مذکورہ بالا نسخے کی ہو بہو نقل ہے اس پر کوئی ترقیمہ موجود نہیں ہے اس میں کل ۳۵ صفحات ہیں اور ہر صفحے پر ۱۳ سطریں ہیں اور کل اشعار ۴۴۶ ہیں اس کے ساتھ میر سید محمد نوربخش کی غزلیات بھی ہیں مگر ناقص

ہے۔

3- کتابخانہ ملک تہران

یہ ایران کے کتابخانہ ملک تہران میں تحت نمبر 19/4190 محفوظ ہے یہ ایک مجموعے میں شامل ہے جو ص 125 سے 132 تک ہے یہ بھی خط نستعلیق میں ہے لیکن تحریر گوارا ہے کاتب خوش نویس نہیں ہے یہ چودہ صفحات پر مشتمل ہے ہر صفحے پر ۱۳ سطریں ہیں اس میں کل ۲۰۱ اشعار ہیں یہ اول کامل مگر آخر ناقص نسخہ ہے اس کی فوٹوسٹیٹ کاپی میرے پاس موجود ہے۔

4- نسخۂ صدقیانلو تہران

یہ ایران کے ایک دانشور جعفر صدقیانلو کے کتابخانے میں موجود ہے یہ بھی نامکمل ہے اس کی کاپی میرے پاس موجود نہیں ہے۔

5- ایران

یہ ۳۴ صفحات پر مشتمل ایک کامل نسخہ ہے اور ہر صفحے پر ۱۳ اشعار ہیں اس میں کل ۴۴۳ اشعار ہیں یہ بھی خط نستعلیق میں ہے نسخہ خوبصورت اور مکمل ہے اس کے ساتھ نور بخش کی عبرت نامہ اور واردات نور بخش بھی ہیں اس کی فوٹو کاپی میرے پاس موجود ہے لیکن اس کی اصل کہاں ہے اس کا مجھے علم نہیں ہے۔

6- تاشقند

یہ نسخہ نیشنل ریسرچ انسٹیٹیوٹ تاشقند میں محفوظ ہے اس کی کاپی میرے پاس موجود نہیں ہے۔

اس کتاب کو مولانا صاحب نے متون کے مقابلے کے بعد تدوین کیا تھا پھر اس کے تحقیقی متن کا اردو میں سلیس ترجمہ کیا ہے ساتھ ہی ضروری حواشی بھی دیئے گئے اس طرح اس کی افادیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔اس کا مقدمہ میں نے رقم کیا ہے اور آخر میں تعلیقات کے عنوان سے بعض باتوں کی وضاحت شامل ہے اسی طرح انڈکس شامل ہے جو آج کل تحقیقی کاموں کا لازمی حصہ ہے امید ہے کہ قارئین اس کتاب اور ہماری پیش کش کو پسند فرمائیں گے۔

نیاز کیش

غلام حسن حسنو ایم اے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بنـا م خدا کـر ده ام عـز م جـزم	کـه آر م بسـی اولیـا را بنـظـم
ولیـکـن هـمـه اولیـا ی زمـا ن	نه آنـانکـه رفتند از ین خا کدا ن
تـو انـم سـخـن گـفتـن از اولیا ء	کـه ایشـا ن عبـا د اند مـا نند مـا
نیـــا رم مــن از ذا ت او دم زد ن	نشـا یـد کسی را نفس هم زد ن ا
مـن و ذا ت بـی چون کجا تا کجا	خـو ر و ذ ر ۂ دو ن کـجـا تـا کـجا
اگـر هـا د یـیم و دگـر ۲ مهد ییم	بـجـنـب قـد م طـفلگـی مهد ییم ۳
یـکـی قطر ہ ایم از محیط وجو د	فـر و مـا نـد از کـا هلی در قیو د
من از قطرهگی گشته ام بس نفور	خـد ا یـا رسـا نـم بـد ر یا ی نُو ر

میں نے اللہ کے نام پر پکا ارادہ کیا ہے کہ میں بہت سے اولیاء کرام کو نظم کی لڑی میں پروؤں۔ اس میں صرف اس زمانے کے اولیا کو جو دنیا میں زندہ موجود ہیں نہ کہ اُن اولیا کو جو اس دنیا سے رخصت ہو کر چلے گئے ہیں میں اولیائے کرام سے متعلق گفتگو کر سکتا ہوں کیونکہ وہ ہمارے ہی طرح کے بندے ہیں میں ذات خداوندی کے بارے میں

(۱) نسخہ (ب) میں دوسرا مصرع اس طرح آیا ہے ''نشا ید کسی را بجز تم زد ن'' جس کے معنی ہیں کہ کسی کے لئے بجز خاموش رہنے کے اور کوئی چارہ نہیں۔ تم فارسی میں بمعنی پردہ، سیاہی وغیرہ کے آتے ہیں۔ ۲ نسخہ (الف) میں گــــــــر آیا ہے،
۳ اس شعر میں صنعت تجنیس سے کام لیا گیا ہے کیونکہ 'مھـد ییـمؔ مصرع اول میں بمعنی 'ہدایت یافتہ' اور مصرع ثانی میں بمعنی' گہوارۂ آیا ہے۔

بحث نہیں کرتا اور نہ ہی اس کے بارے میں کوئی لب کشائی کرتا ہوں (کیونکہ) کسی کے لئے اس معاملے میں دم بھرنے کی مجال نہیں ہے کہاں میں اور کہاں ذات بے ہمتا؟

کہاں سورج اور کہاں کم ہمت چیونٹی؟ گو ہم ہادی (ہدایت دھندہ) بھی ہیں اور مہدی (ہدایت یافتہ) بھی پر وجوبِ وجود کے مقابلے میں ہم ابھی طفل گھوارہ ہیں ہم بحر وجود کا ایک قطرہ ہیں جو (اپنی) سستی کی وجہ سے قید و بند میں گرفتار ہے۔ اور میں قطرہ کی حالت میں رہنے سے سخت متنفر ہو چکا ہوں -

دخول جنت کا مدار فضل خداوندی

با لطا ف و احسا ن بی علّتت	بـا عـطـا ف و غـفـر ان بی منتت
در یـن نشا ة گر چه بسی جا معم	نـد ا ی تُـر ا رو ز و شـب سا معم
اگـر[4] اِرْجِعِیْ آید از حضر تت	رو ا نـــی رو م تـا در ر حـمتـت
بتـا ئیـد فـضـلت که آن گر بُو د	بـجـنـبـش عـمـلهـا[5] محقّر بو د
با عما لِ مز جا تِ خو د کی تُوان	رسید ن بد ان حضر تِ بی کر ا ن
الهـی ببـخشا ی از فضل خو یش	بـر یـن عا صی[6] عا جز سسینه ر یش
در اقـلیـمِ غـفـر انِ بـی منتهـا ت	عـمـلهـا ی خـلـقا ن بُو دَ تـرَّهـا ت

(لہذا) اے اللہ! اپنے بے سبب احسانات و مہربانی، اور بے منت بخشش و کرم نوازی کے ذریعے دریائے نور تک مجھے رسائی عطا فرما اگرچہ میں اس دنیا میں بڑا ہی جامع

[4] نسخہ الف میں کہ گر آیا ہے۔ [5] نسخہ الف میں بجائے عـمـلهـا عمل پس آیا ہے۔ [6] نسخہ الف میں عاصی اور، عاجز کے درمیان تقدم و تاخر واقع ہوا ہے اور عاجز کی بجائے عاجزی ہے۔

الکمالات ہوں (اور) دن رات تیری پکار سننے والا ہوں تیری درگاہ سے اگر اِرْجِعِیْ ''ہمارے پاس واپس لوٹ آ'' کی ندا آئے تو میں تیرے رحمت (جنت) تک صرف

تیرے فضل کے بل بوتے پر بآسانی چلا آسکوں گا تیرا فضل اگر کسی کے شامل حال ہوتو اس کے آگے تمام اعمال ہیچ ہو جاتے ہیں ناپیدا کنار ہستی کی درگاہ تک اپنے گھٹیا اعمال کے ذریعے رسائی پانا کیونکر ممکن ہے؟ اے اللہ! اپنے فضل سے اس زخمی دل والے گناہگار (اور) ناتواں بندے کو بخش دے! تیرے بے پناہ عالم بخشش کے مقابلے میں ساری مخلوق کے اعمال ہیچ ہیں۔

ہمت سے کام لینا

ببا زار مصر ی که پیر و ےجو ان	خــر یـد ا ر یـوسف بـا شد بجـان
عمل گر کلا یه۸ است و بی قیمت است	خر ید ار یو سف شد ن همت است

مصر کے بازار میں جہاں ہر بوڑھا اور نوجواں دل و جان سے دیدار حسن یوسف کا خریدار ہوتا ہے گو عمل بے قیمت اور کھوٹا ہو اس کے باوجود یوسف علیہ السلام کا خریدار بننا ہمت کی بات ہے

شیخ علاؤالدولہ سمنانی

نـد ارم عـمـل آن قد ر که هست بـجـنـب ریا ضت کُملّ کم است

نیـم در عـمل چو ن علا دو له من ریـا ضـت مسـلـم شد او را وفن

ے۔ نسخہ (الف) میں بجائے پیر و جوان، ہر نو جوانؔ ہے۔ ۸۔ نسخہ (ب) میں کلافست ہے ۔ دونوں کا معنی یکساں ہے۔

همه عمر و ی بو د هفتا دو هفت	دو صـد بـا چل و سی چلۀ نشست ۹
همائی ست مر غی ۰ ا که عزلت گرید	زعـز لـت یـقیـن او بعّز ت رسید

جس قدر عمل کا ہونا چاہیئے اس قدر میرا عمل نہیں ہے ارباب کمال کی ریاضتوں کے سامنے میرا عمل بہت ہی تھوڑا ہے میدانِ عمل میں میں علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ کی طرح نہیں ہوں کیونکہ ریاضت کشی آپ کا مسلم الثبوت ہنر تھی۔ آپ کی پوری زندگی ستّر بہاروں پر مشتمل تھی (اس عرصے میں) آپ نے دوسوستر (270) چلے کاٹے آپ ہما پرندے کی مانند تھے جس نے تنہائی اختیار کی بلاشبہ آپ نے تنہائی کے ذریعے ہی (درگاہ ایزدی میں) عزت پائی۔

شاہ ہمدانؒ کی ریاضت کسی:۔

دگر شیخ شیخم که او سید است	علی نام و الو ند یش ۱۱ مو لد است
بگشت او جهان را سر ا سر سه با ر	بـد یـد اولیـا چـا ر صد بـا هز ا ر
نمو د ه۲۵ ا ست پنجا ه سا ل اختیا ر	تجا فی ۱۳ ز مضجع زهی مرد کا ر
چنـیـن کـاملا ن زا و لیابو د ه اند	کـه گـو ی ریـا ضـت بر بو ده اند

ان کے علاوہ میرے بالواسطہ پیرومرشد جو سید بھی ہیں، ان کا نام نامی علی ہے

۹۔نسخہ ب میں مصرع ثانی یوں ہے "بسالی دو سه چله بنشت و رفتٌ

چونکہ نسخہ (الف) کی عبارت مصنف کی کتاب سلسلۃ الذہب ملقب مشجر الاولیاء سے ہم آہنگ ہے اس لئے اسے اصل قرار دیا گیا۔ ۱۰۔نسخہ (ب) میں "عمری" ہے۔ ۱۱۔ نسخہ (الف) میں "ابوندی" ہے ۱۲۔ نسخہ (ب) میں "نبود" ہے ۱۳۔ نسخہ (ب) میں "از" ہے۔

اور الوند (ہمدان) آپ کی جائے پیدائش ہے آپ نے پوری (آباد) دنیا کی تین بار سیاحت کی اور چودہ سو اولیائے کرام سے ملاقات کا شرف حاصل کیا آپ کی ریاضت کشی کا یہ عالم تھا کہ پچاس سال تک آپ نے اپنا پہلو بستر سے علیحدہ رکھا۔ ماشاءاللہ وہ

کیسے مرد میدان تھے؟ ایسی باکمال ہستیاں اولیاء اللہ ہیں کہ انہوں نے میدان عمل میں گوئے ریاضت لے گیا ہے۔

تحدیثِ نفس

با عمال اگر هست چون من بسی	بد انش چو من نیست حا لا ً کسی
بـا حـو ال دیـگـر اصحـا ب مـا	در یـن دور نبـو د کسـی زاو لیـا
شـنـا سـا ی حق گشته ام ان قد ر	کـه بـا شـد فـر خو رطو ق ۱۴ بشر
بو د حلّ هر ۱۵ مشکلی پیش من	شـد ه مـخـز ن حق دل ریـش من
هـمـــه مشـکـل انبیـا ء ورسـل	هـمــه مسـلک هــا د یـا ن سُبُل
نـه هـر کـا ر افسا نه ای کهنه ای	کـه یا بند نز دیک هر لکنه ای ۱۶

گو عملی میدان میں میرے ہم پلہ بہت سے آدمی ہیں لیکن علم و دانش کے میدان میں اس وقت میرا کوئی مدّمقابل نہیں ہے اس زمانے میں کوئی بھی ولی میرے مصاحبوں کی مانند (مقامات ولایت) اور احوال سے (واقف) نہیں ہے مجھے حق تعالی کی اتنی معرفت حاصل ہوچکی ہے جتنی (معرفت حاصل کرنا) کسی انسان کے بس میں

۱۴ نسخہ (الف) میں "خورد ہے اور نسخہ (ب) " میں طور ہے۔ ۱۵ نسخہ (الف) میں ہمہ ہے۔ ۱۶ نسخہ (ب) میں یہ شعر نہیں ہے۔

ہے۔ میرے پاس ہر ہر مشکل کا حل موجود ہے اور میرا دل مجروح حق تعالی کی معرفت کا خزانہ ہے۔ (میرے پاس) تمام نبیوں اور رسولوں کی مشکلات اور تمام مسلکوں کے رہنماؤں کی مشکلات (کا حل موجود ہے)

فنافی اللہ کا مقام:۔

بتفصیل جز وی نیا رم رسید	مگر آنکه گر دم خد ای وحید
دران دم که ۱۷ من حی مطلق شو م	نما ند دو ئی جملگی حق شو م
بو د علم من بحر بی ساحلی	که غوصش ندا ند بجز وا صلی
بو د علم من علم بی منتها	بنا سو ت ولا هوت و ارض و سما ۱۸
بود علم من علم بی حد و عد	بذ رات عا لم از ل تا ابد
بو د علم من علم حیّ علیم	نبا شد بجز من خدا ی عظیم

خدائے تعالی تک مکمل رسائی اس وقت ممکن ہے جب میں اپنی ذات سے فنا ہو کر مظہر خدائے واحد بن جاؤں جس وقت میں ہمشیہ زندہ رہنے والے خدائے مطلق کا مظہر بن جاتا ہوں اس وقت دوئی بالکل نہیں رہتی (بلکہ) میں بالکلیہ مظہر حق تعالی ہوجاتا ہوں پس میرا علم ایسا بحر بیکراں ہوجاتا ہے کہ جس میں خدارسیدہ کامل شخص کے سوا کوئی غوطہ زن نہیں ہوسکتا عالم ناسوت ولاہوت اور زمین وآسمان پر میرا علم حاوی وغیر متناہی ہوجاتا ہے ازل سے ابد تک ذرات عالم پر میرا علمی احاطہ کسی گنتی وحد بندی کے بغیر ہوتا

۱۷ نسخہ (الف) میں " دراں حین " ہے اور نسخہ (ب) میں " حیّ مطلق " ہے۔ ۱۸ نسخہ (الف) میں یہ شعر اگلے دو اشعار کے بعد آیا ہے۔

ہوتا ہے۔ اس وقت کیونکہ میرا علم ہمیشہ زندہ رہنے والے (اور) ہر ہر چیز پر علمی احاطہ رکھنے والے خدا کا علم ہے میرے سوا کوئی مظہر خدائے بزرگ نہیں۔

ملحد کون ہے؟

چینن وحدت ار با شدت واحدی	وگر لفظ دز دیدہ ای ملحدی
اگر پیر تاجی وگر ۱۹ تولمی	وگر صائن الدین وگر قاسمی
زدزدی الفاظِ کمل بسی	بآتش بسوزند همچون خسی ۲۰
اگر ناشناسی حروفی بود	یقین ملحدست و ۲۱ شریری بود
ولی نعمت الله ملحد نبود	چو صالح شد ۲۲ وگشت قومش ثمود

اگر ایسی وحدت کا تجھے حصول ہو چکا ہے تو تو موحد ہے اور اگر تیرے یہ الفاظ چوری کے ہیں تو تو زندیق ہے خواہ وہ پیر تاجی ہو خواہ، تولمی۔ صائن الدین ہو خواہ قاسمی۔ بہت سے کاملین کے الفاظ چوری کرنے کی وجہ سے نام نہاد کئی بزرگ آگ میں ایندھن کی طرح جلتے ہیں اگر تجھے (اس کی حقیقت) معلوم نہیں (تو جان لے کہ یہ) حروفی فرقے کے ہیں جو کہ بلاشبہ زندیق اور بدکار رہیں۔ حضرت نعمت اللہ ولی (علیہ الرحمتہ) زندیق نہیں تھے (بلکہ) آپ حضرت صالح علیہ السلام کی طرح تھے اور آپ کی قوم، قوم ثمود کی مانند (اس زندیق قوم سے پرہیز کرنا واجب ہے ان کے بے دین ہونے پر ہر ولی کا کلی اتفاق ہے)۔

۱۹ نسخہ (الف) میں 'واژ' ہے۔ ۲۰ نسخہ (ب) کے مصرع میں 'است' زائد ہے۔
۲۱۔ نسخہ الف اور ب دونوں نسخوں میں 'او' ہے۔ ۲۲۔ ایضا دونوں نسخوں میں 'او' ہے۔

لفظی الحاد اور توحید:۔

چو الحاد و توحید در قال و قیل	چو د قوم موسی و قبطی و نیل
مکاشف شود عارف و اهل دید	که نبود حقیقت بگفت و شنید
زالحاد و تقلید ۲۳ رویت بتاب	که افراط و تفریط نبود صواب
پس آنگه بتوحید واقف شوی	زار باب احوال واقف شوی
بدریائ وحدت کسی که رسید	خودی و دوی رفت واوشد وحید
درین دم انا الحق اگر گوید او	وگر لِیْ مَعَ اللّٰہِ گوید نکو
ولیک این صفت حال کمل بود	نه هر سالکی را مُحصّل بُوَد
چه داند کسی کو نگشته خُدای	خدائی محیط ارض و سما
نگشته ز کثرت بکلی فنا	ننوشیده یکبار جام فنا

ظاہری گفتگو میں الحاد وتوحید بولنا بنی اسرائیل، قوم اور دریائے نیل بولنے کی مانند ہے صاحب کشف معرفت اور معنوی بصیرت والا ہوتا ہے کیونکہ حقیقت کا بیان باہمی گفتگو سے نہیں ہوسکتا۔ (۲۴) چاہئے کہ الحاد" اور" "تقلید" سے اپنا منہ موڑ لے

۲۳-نسخہ (ب) میں توحید ہے۔

۲۴ تصوف کا تعلق گفتگو اور کلام سے نہیں گفتگو، کلام اور اصطلاحات سے کماحقہ معانی حاصل نہیں ہوتے کیونکہ معانی حقائق سے تعلق رکھتے ہیں اور حقائق باطن سے متعلق ہیں بغیر کشف کے باطن تک رسائی محال ہے محدود اور جزوی عقل کے ذریعے ان کا ادراک نہیں ہوسکتا۔ کسی نے کیا خوب کہا۔

فلسفی را چشم حق بین سخت نا بینا بود
گر چه بیکن باشد و یا بو علی سینا بود

کیونکہ افراط وتفریطاً والا عمل درست عمل نہیں ہوا کرتا۔ (حقیقی) توحید کی معرفت تب تجھے

حاصل ہوگی جب تو ارباب معنی کے احوال سے آگاہ ہوجائے گا۔ جب کوئی "وحدت" کے بحر بیکراں کو رسائی پاتا ہے تب خودی اور دوئی ۲۵ مفقود ہوجاتی ہیں اور وہ وحدت حقیقی کا حامل ہوجاتا ہے اس وقت وہ (وحدت حقیقی سے موصوف) اگر انا الحق ۲۶ کہے یا لی مع اللہ ۲۷ (کا نعرہ لگائے) تو ٹھیک ہے لیکن یہ حالت تو کاملین کی ہوتی ہے ہر سالک کو یہ مقام حاصل نہیں ہوتا جو آدمی جام فنا ایک دفعہ نوش کر کے کلی طور پر فنا ہوکر خدائی صفات سے موصوف نہ ہوا ہو وہ زمین و آسمان کو احاطہ کئے ہوئے خدا کو کیا پائیگا ؟

میر سید محمد نور بخش کا مقام فنا فی اللہ:۔

من آنم که نو شیدم از دست یار زجام مئی عشق سی صد هزار
بیک مجلسم این قدر داده است همه مستی من ازان باده است
فنای زهر جام می یافتم بقائی ۲۸ بفرمان وی یافتم
من از شرم یاران نگفتم بکس که دارند ۲۹ چدی برین دسترس

میں وہ (انسان کامل) ہوں جس نے محبوب کے ہاتھ سے شراب عشق کے تیس لاکھ

۲۵ خودی "دوئی" عرفاء کی اصلاح میں انانیت موہوم کی بقا کو کہتے ہیں جس سے فنائے حقیقی نہیں ملتی اس وقت "من وتو" کا شعور موجود ہوتا ہے۔ ۲۶ نعرہ منصور حلاج علیہ الرحمہ کی طرف منسوب ہے اس کے معنی ہیں "میں حق ہوں" ۲۷ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہے کہ لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیهِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ یعنی مجھ کو حق تعالی کے ساتھ ایک ایسا وقت ہوتا ہے جس میں ملک مقرب اور نبی مرسل کے لئے گنجائش نہیں رہتی۔ ۲۸ نسخہ (ب) میں "فرمان" آیا ہے۔ ۲۹ نسخہ (ب) میں "دا دند چندین" ہے۔

ساغر نوش کئے ہیں۔ ایک ہی مجلس میں محبوب نے مجھے اتنی زیادہ شراب پلائی ہے میری

تمام مستی اسی شراب کی وجہ سے ہے میں نے شراب کے ہر پیالہ سے فنا پائی (نیز) میں نے محبوب کے فرمان کے تحت بقا (بھی) پائی ۲۷ دوستوں سے حیا کی بناء پر میں نے یہ (بات) کسی کو نہیں بتائی کیونکہ ان میں سے کچھ لوگوں کو اس پر دسترس حاصل ہے۔

محمد الوندی مرید نور بخش کا مقام:۔

محمد کز الوند بوده است وی	خبر داد از ان حال و ساقی و می
جو اسیس لاهوت گشتند ۳۰ مگر	که از عرش بالا دهد ۳۱ او خبر

(میرے فانی فی اللہ دوستوں میں سے) محمد نے جو کہ شہر الوند (ہمدان) سے ہیں، اس (بیخودی کی) کیفیت، ساقی (یعنی محبوب حقیقی) اور شراب (عشق) کی خبر دوسروں کو دی گو میرے تمام دوست عالم لاہوت کے راز دان ہیں پر وہ (محمد الوندی رحمتہ اللہ علیہ) عرش کے اوپر کی خبریں بھی دیتا ہے۔

ہم عصروں کی رفعت مقامی:

حریفان بزم اند اخوان ما دلیران رزم اند اقران ما
چو در سیر ۳۲ فی الله مستغرق اند بجسم ار مقید بدل مطلق اند ۳۳

۳۰ نسخہ (ب) " گشتہ " ہے۔ ۳۱ نسخہ (الف) " دھندم " ہے۔ ۳۲ کشف و کرامات کے ذریعے راہ سلوک طے کرنے کو " سیر " کہتے ہیں اس کے تین درجے ہیں ۱ سیر الی اللہ ۲ سیر باللہ ۳ سیر فی اللہ۔ سیر الی اللہ مبتدئین کے لئے ہے سیر باللہ متوسطین کا طور ہے جبکہ سیر فی اللہ کاملین اور منتہی لوگوں کا شیوہ ہے۔

خبر دار با شند از هر چه هست	زمعنی و صورت زبا لا و پست
اگر چه نبا شد چنیں دا ئمی	که قطر ه ندا رد ۳۴ مجا ل یمی
مگر آنکه از خو د ۳۵ مبرا شو د	در افتد بد ر یا و دریا شو د
پس آنگه بُو د حا لِ اوحا لِ بحر	نه بحر یکه آن را کر ان ست و قعر
بلدریای وحدت اگر چه خو شم ۳۶	زدر یا ئ وحد ت بسا حل کشم
که تا گو یم از حا ل هر و اصلی	که اهل جها ن را بُوَد حا صلی
بعلم الیقین و بعین الیقین	بحق الیقین نه بظن ظنین
بکشف و بنقل ۳۷ و بعقل سلیم	با لها م و ۳۸ اعلام حیّ علیم
زا طو ار هر طا ئیفه و ا قفم	بحا لا ت هر سلسله عا رفم
شنا سم مقا ما ت هر یک ۳۹ ولی	با ر ثیت شا ه مر دا ں علی

میرے (تمام) احباب (مریدین) بزم عشق میں ہم پیشہ وحلیف ہیں اور میرے (تمام) ہمعصر میدان مجاہدہ کے جیالے ہیں۔ چونکہ وہ سیر فی اللہ میں ڈوبے ہوئے ہیں لہذا گو وہ جسمانی طور پر مقید ہیں، پر قلبی لحاظ سے آزاد و مطلق ہیں وہ (منازل عرفان کے) معنی وصورت اور (راہ سلوک کے) نشیب وفراز (الغرض) ہر ہر چیز سے باخبر ہیں جیسے قطرہ کے لئے سمندر کی گنجائش حاصل نہیں ہے ایسے ہی (اہل ا

۳۳؎ اس حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے جو آپؐ نے ارباب کمال کا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ "ابـدا انهـم الـخ ترجمہ ۳۴؎ نسخہ (ب) نباشد آیا ہے۔ ۳۵؎ نسخہ (الف) میں معسلہ ہے۔ ۳۶؎ نسخہ (الف) میں صیغہٗ جمع آیا ہے۔ ۳۷؎ نسخہ (ب) میں واوٗ عاطفہ نہیں ہے۔ ۳۸؎ نسخہ (ب) میں باعلاوالہامؔ ہے۔ ۳۹؎ نسخہ (الف) میں یک یکؔ ہے،

للہ کے لئے فنافی اللہ کی یہ کیفیت) اگر چہ دائمی نہیں ہوتی ۔ پھر بھی جو آدمی دریا میں اُتر جانے کی وجہ سے اپنے آپ سے مبرا ہو جائے اور مکمل طور پر دریا صفت ہو جائے تو اس وقت ایسے آدمی کی مثال سمندر کی مانند ہے وہ ایسا سمندر نہیں جس کے لئے ساحل یا تہہ ہوتے ہیں اگر چہ میں اس دریائے وحدت میں خوش ہوں پر میں نے دریائے وحدت کے کنارے کنارے چلنے کی ٹھان لی ہے تا کہ بدگمان کی قیاس آرائی کو دخل دیئے بغیر صحیح عقل و نقل کشف و الہام اور ہمیشہ زندہ رہنے والے خدائے دانا کی (غیبی) اطلاع کے ذریعے ہر ہر ولی کا حال علم الیقین ،عین الیقین اور حق الیقین کے ساتھ بیان کروں کیوں کہ اسی سے دنیا والوں کو فائدہ ہوتا ہے ۔ میں ہر ہر گروہ کے طریقہ ہائے سلوک سے واقف ہوں (اور تصوف) کے ہر ہر سلسلے کی حالات سے آگاہ ہوں شہنشاہ اولیاء حضرت علی علیہ السلام کی میراث سے ہر ہر ولی کو جتنا حصہ ملا ہے اس کی مجھے پوری پہچان ہے ۔

کشمیر

ز کشمیر گیرم من ابتدا	بر و مش رسانم شود منتها ۴۰

اب میں اولیائے کشمیر کے تذکرہ سے (اس رسالہ کا) آغاز کرتا ہوں اور اولیائے روم (ترکی) کے تذکرے کے ساتھ اس کو انجام پذیر کرتا ہوں

بہاءالدین کشمیری

بہا دین بکشمیر مرد خدا است　　خداوند اطوار و کشف و صفا است

۴۰؎ نسخہ (ب) میں یہ شعر نہیں ہے۔

حضرت بہاؤالدین کشمیر میں ولی اللہ ہیں قلبی اطوار اور کشف وصفا کا مالک ہے

اطوار سبعۂ قلبیہ

گر اطوا ر دل را ندنی تو نا م	بگو یم بتر تیب بشنو تما م
لسا نی و نفسی و قلبی شمر	چو سر ی و ر و حی خفی ای پسر
یغیب الغیو ب است پا یان آن	فنا ی حقیقی است از وی نشا ن

سُن لے! اگر تجھے قلبی اطوار کے نام نہیں آتے تو میں ان تمام کو ترتیب سے بتا دیتا ہوں اے بیٹے! لسانی، نفسی، قلبی، سری، روحی، اور خفی کو شمار کر۔ قلبی اطوار میں سے آخری طور "غیب الغیوب" ہے جس کی علامت فنائے حقیقی ہے۔

ہندوستان

بهند و ستا ن گر نما ئی عبور	به بین در سیا هی چگو نست نو ر ۴۱

اگر ہندوستان میں تیرا گزر ہو جائے تو (اس امر کا) ملاحظہ کر کہ سیاہی میں نور کا جلوہ کیونکر ہوتا ہے؟

شیخ اسحق ملتانی

که آن هست اسحا ق ملتا ن زهند	چو و ی مر شد ی نیست در هند و سند
تجلی و حا لا ت او وافر است	در اطوار قلبی بسی ما هر است

۴۱ نور در سیاہی سے مراد فنائے حقیقی ہے جب سالک اطوار قلبی کو طے کرتے کرتے "غیب الغیوب" کے مرتبہ کو رسائی پاتا ہے تو انوار متلونہ غیبیہ میں سے نور اسود کا ظہور ہوتا ہے۔

ہندوستان میں حضرت اسحاق ملتانیؒ ہیں پورے ہندوستان اور سندھ میں آپ کا ہم پلہ کوئی مرشد نہیں۔ آپ کی تجلیات اور باطنی احوال بہت ہی زیادہ ہیں (اور) قلبی اطوار کے معاملے میں آپ بڑے بامہارت بزرگ ہیں۴۲۔

شیخ رکن عالم ملتانی

بـو د شیـخ عـا لـم ملتـا ن کنو ن بملک هر ات است وی را سکو ن
در اخلا ق نیک ست و قطع طمع زا ر باب علم است و زهد و و ر ع
چو از سهر وردی است وی ر ا سند همه رو ز و شب زا ن عبا دت کند
زشـو مــی الـحـا د و تـر سِ خد ا فتـا د از خـلا ئق بـکـلـی جُـد ا
بتقلید اگر چه بسی مبتلا است ولـی در طر یقت و لی خد اا ست
در یغـا مـلا قـا ت چند ان نبو د نشد هیچ از احو ال گفت و شنو د
اگـر چند روزی مصا حب شد ی بـمـعـنی عجا ئب و قوفش شد ی
مـگـوای پسر هر که گر دد و لی نـگر دد۴۳مقا ما ت او چُو ن علی
چـه حا جت مر او ر ا بتعلیم کس خضر ر ا بجو ۴۴و بمو سی بر س
نهـا یـت نـد ارد و لا یـت یقین نبـی ر ا بـد ان و ولـی ر ا به بین۴۵
اگـر فـو ق ذ ی عـلـم نبو د علیم بـود دا نش هر غبی۴۶چو ن حکیم

۴۲-انہی کے سوال کے جواب میں نوربخش نے معاش السالکین قلمبند کی تھی ۴۳؎ نسخہ (الف) میں "مگر اور "وگرشد" ہے۔ ۴۴؎ نسخہ (ب) میں واؤ نہیں ہے۔ ۴۵؎ مطلب یہ ہے کہ ولایت نبی کے اندر بھی پائی جاتی ہے اور ولی میں بھی۔ ۴۶؎ نسخہ (ب) میں خسیؔ ہے۔

شیخ رکن عالم ملتانی ابھی ملک ہرات میں سکونت پذیر ہیں آپ عمدہ اخلاق کے مالک ہیں اور حرص کے ترک کرنے والے ہیں علم وزہد اور پرہیزگاری والوں میں سے ہیں کیونکہ آپ کی سند حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ سے (جاملتی) ہے اس لئے آپ دن رات عبادت الٰہی (ہی) میں مشغول رہتے ہیں (لوگوں کے) بے دینی کی بدشگونی سے بچنے اور خداترسی کی وجہ سے آپ لوگوں سے بالکل الگ تھلگ رہتے ہیں (گو شریعت میں) آپ تقلید کے پابند ہیں پر طریقت میں آپ اللہ تعالیٰ کے ولی ہیں افسوس! میری اُن سے ملاقات زیادہ دنوں تک نہیں رہی اس لئے باطنی احوال کے بارے میں آپ کے ساتھ تبادلہ خیال نہیں ہُوا اگر کچھ دن آپ میرا ہم نشین ہوتے تو وہ معنوی عجائبات سے واقف ہوتا مگر اے بیٹے (گو) ہر کوئی آدمی ولی بن سکتا ہے لیکن اس کے روحانی مقامات حضرت علی علیہ السلام کے جیسے نہیں ہوسکتے ایسی کامل ہستی کو کسی سے تعلیم حاصل کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ (پس اسے چاہئے کہ) خضر کو تلاش کرے اور موسیٰ علیہ السلام تک رسائی حاصل کرے۔ بے شک ولایت کی کوئی انتہا نہیں ہے (پس) نبی کو جان لے اور ولی کو دیکھ لے اگر ہر جاننے والے کے اوپر کوئی (دوسرا) علم والا نہ ہو تو ہر کند ذہن کی عقل حکیم کی سی ہوتی ہے

کابلستان

بود ۴۷ کابلستان مصفی بسی	یقینم که هست آں صفا از کسی
دران۴۸ جایکی مرشدی کامل است	بکشف و بتحقیق صاحب دل است

۴۷ نسخہ (ب) میں شدہ، ہے۔ ۴۸ نسخہ (الف) میں کہ کسی ہے۔

کابلستان (افغانستان معنوی لحاظ سے) بہت ہی زیادہ نتھرا ہُوا (شہر) ہے
مجھے یقین ہے کہ وہ صفائی کسی (اللہ والے) کی وجہ سے ہے کابلستان میں ایک مرشد کامل
ہے جو کشف و تحقیق میں ارباب قلوب میں سے ہے۔

حسین بدخشی

ز ارباب صحو ۴۹ است و کم خوردہ می	حسیـن بـد خشی بُوُ د نام وی
بـو د در علـو م از فـحو ل زمـان	ند ار د کنون ۵۰ هیچ پر و ائ آن

آپ ارباب صحو، اور کم کھانے والوں میں سے ہیں آپ کا نام نامی حسین بدخشی
ہیں علوم میں آپ زمانے کے فضلاء میں سے ہیں اب آپ کو اس کی مطلق تشنگی نہیں ہے۔

عبدالملک غزنوی:

ملک پهلو ا ن است در ره روی	نبا شد چو و ی سا لک غز نو ی
در اطو ار دل راسخ است هم چو کو ه	بکشف در ست است او با شکو ه
زا شر اف چر خ است آن اهل حا ل	کون در عر اق است صا حب عیا ل ۵۱

راہ سلوک میں عبدالملک مرد زور آور ہے غزنی کا کوئی سالک آپ کا سا نہیں
ہے آپ قلبی اطوار میں پہاڑ کی مانند اٹل ہیں (اور) صحیح کشف میں شان و شوکت والے
ہیں وہ اہل دل چرخ (غزنی کا ایک محلّہ) زمانے کی برگزیدہ ہستیوں میں سے ہیں ابھی
آپ عراق میں اپنے کنبے کے ساتھ اقامت پذیر ہیں۔

۴۹ نسخہ (الف میں 'ارباب علم' زیادہ مفید ہونے کی بنا پر 'صحو' کو متن میں جگہ دیا ہے۔
۵۰ نسخہ (ب) میں 'کندن نیستش' ہے۔ ۵۱ نسخہ (ب) میں 'کمال' آیا ہے۔

ترکستان

کنو ن آمد م سو ئ تر کیستان   که تا گو یم از مر د آن جا نشا ن

اب میں ترکستان کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تا کہ وہاں کے مرد کامل کا نشان بتاؤں۔

رومی ختلانی

یکی مر د مست است رو می لقب   زختلا ن بو د وی با صل و نسب

بتجر ید و تفر ید مر دا نہ است   کنون ۵۲ در ختن یا بفر غا نہ است

هر آن کس که دا ئم عبا دت کند   همه عمر خود صرف طاعت کند

زا مو ال دنیا اگر تا ر ک است   پس آن گہ ریاضت کشد سالک است

بتجر یدِ ظا هر اگر عا طل است   سلوک و ریا ضت وی با طل است

چو تجر یدِ ظا هر بو د ابتد ا   بتفر یدِ با طن کشد انتها

چو تجر ید نبو د نبا شد دگر   زتفر ید هر گز مر او را خبر ۵۳

(وہاں) "رومی" لقب کا یک مجذوب شخص ہے جو اصل اور نسب کے لحاظ سے ختلان کا باشندہ ہے۔ تجرید و تفرید (کے سلسلے) میں آپ صاحب کمال ہیں ابھی آپ ختن یا فرغانہ میں (متوطن) ہیں ہر وہ آدمی جو ہمیشہ حق بندگی بجالاتا ہے اپنی پوری زندگی کو خدائے تعالی کی فرمان برداری میں صرف کرتا ہے دنیوی مال و دولت سے دامن بچاتا ہے اور پھر ریاضت کشی کا مظاہرہ کرتا ہے تو وہ (صحیح معنوں میں) راہ سلوک طے کرنے

۵۲ - نسخہ (ب) میں " از " " تا " آیا ہے۔ ۵۳ تصوف کی اصطلاح میں ظاہری یکسوئی کو " تجرید" اور باطنی یکسوئی کو " تفرید" کہتے ہیں

والا ہے اگر کوئی ظاہری ' تجرید ' سے کورا ہے تو اس کے (باطنی) سلوک اور ریاضت کشیاں اکارت جاتی ہیں جب ظاہری ' تجرید ' سے (راہ سلوک کی) ابتداء ہو تب اس کی انتہا باطنی ' تفرید ' پر ہوتی ہے۔ جب ظاہری ' تجرید ' نہ ہو تو باطنی ' تفرید ' تک اس کی رسائی ہرگز نہیں ہو سکتی۔

ماوراالنہر

بو د ما ور النهر ملکی لطیف	همه اهل صدق اند ۵۴ وضیع و شریف
بآداب و اخلاق و صدق و صفا	بسا ده مزاجی شدند اولیا

ماوراءالنہر پاک ومقدس سرزمین ہے (اس شہر کے) تمام (باسی) سچائی کے پیکر اور ہر طبقے کے ادنیٰ و اعلےٰ قسم کے لوگ (اپنی) صاف دلی، آداب و اخلاق اور صدق وصفا کے ذریعے مرتبہ ولایت پہ فائز ہیں۔

محمد سمرقندی ۵۵

محمد که او خود فراقی شده است	سمرقند و نا حیتش مولد است
بُود مشربش همچو بحر عمیق	بکشف و تجلی است الحق وثیق
بعلم و بحدس و بادراک و فهم	چو وی دیگری کم در آید بوهم
کون در سفر سوئ مصر است وشام	که گردد مشرف به بیت الحرام

۵۴ نسخہ (الف) میں صدق از ' ہے۔ ۵۵ یہ محمد متخلص بہ فراقی متوطن بہ سمرقندی میر سید محمد نور بخش کا نامور مرید اور خلیفہ گزرا ہے انہوں نے احوال صالحین کے نام سے ایک منظوم کتاب لکھی تھی جس کا ایک نسخہ کراچی میوزیم میں محفوظ ہے۔

مقام "فرق" کو رسائی پائے ہوئے محمد (قدس سرہ) وہاں کے ولی کامل ہیں آپ کی جائے پیدائش اطراف سمرقند میں ہے آپ (کے معنوی سیرابی) کا (مشرب) گھاٹ بحر بیکران کی مانند ہے کشف وتجلی میں آپ کا حق تعالی کے ساتھ مضبوط رشتہ ہے علم وفراست اور عقل ودانائی میں آپ سا کوئی دوسرا وہم وگمان میں کم ہی آتا ہے ابھی وہ مصر وشام کے سفر پر ہے آخرالامر وہ بیت الحرام (کی زیارت سے) مشرف ہوں گے۔

شمس الدین محمد ترمذی

یکی اهل دل شد ۵۶ ز ترمذ بدر	ببغلان و قند ز نشیند مگر
لقب شمس الدین و محمد بنام	در اخلاق مرضیه باشد تمام

گو ایک اہل دل "ترمذ" سے ہے تاہم (ابھی) بغلان اور قندوز میں رہائش پذیر ہے آپ کا لقب شمس الدین اور نام نامی محمد ہیں آپ بہمہ وجود پسندیدہ اخلاق کے حامل ہیں۔

حاجی ولی حصاری

بوخش و حصار و نواحی آن	نباشد چو حاجی ولی این زمان
در اطوار قلبی اگر قاصر اند	ولی در توجه بسی ماهر اند ۵۷

کمال بردباری، اخلاص، کشف وصفا، ریاکاری ترک کرنے، تشہیر سے گریز اور پوشیدہ وگمنام رہنے کے لحاظ سے وخش وحصار اور ان کے اطراف میں حاجی ولی قدس سرہ کی مانند اس زمانے میں کوئی ولی نہیں ہے۔ اگرچہ وہ اطوار قلبی میں کمزور ہیں لیکن

۵۶۔ نسخہ (الف) میں "آمدہ" وارد ہے۔ ۵۷ یہاں سے نسخہ ج الگ اور ب والف الگ ہوتا ہے۔

باطنی توجہ میں بڑے ماہر ہیں۔

فصیح ،مظفر اور ابراہیم حصاری

فصیح و مظفر ز جلویه اند که از کشف و احوال خالی نیند

براهیم از ایشان یکی دیگر است که در کشف با دیگران همسر است

فصیح اور مظفر قدس اسرارھما مقام جلویہ سے ہیں دونوں احوال باطنی کے کشف سے بے بہرہ نہیں ہیں گو اطوار قلبی تک رسائی پانے سے دونوں قاصر ہیں تاہم سالکوں پر توجہ کرنے میں بڑی مہارت رکھنے والے ہیں حضرت ابراہیم قدس سرہ ایک اور باکمال ولی ہیں کشف میں آپ دوسروں کے برابر کا درجہ رکھنے والے ہیں۔

سعد الدین مشہدی

دگر سعد الدینی که از مشهد است	**که در قوم خلویه او ازهد است۵۸**

سعد الدین (قدس سرہ) جو کہ مشہد سے ہیں قوم خلویہ میں آپ ہی سب سے بڑے پرہیزگار اور زاہد ہیں۔

قہستان

اگر بر قهستان عبورت بود	**بیانی کنم تا شعورت بود۵۸**

اگر آپ کا گزر قہستان پر ہورہا ہو تو میں کھول کھول کر بیان کرتا ہوں تا کہ تو

۵۸ یہ شعر نسخۂ ب اور ج میں نہیں ہے۔نسخہ (ج) میں واؤ عاطفہ آیا ہے۔

قہستان سے متعلق جان سکے۔

علی قہستانی

علی در قهستا ن اگر مرشد است	ز شو میٔ شو خی فسر ده شد ه است

قہستان میں علی (قدس سرہ) مرشد ہیں تاہم شوخی پن کی وجہ سے (آپ کا دل) مرجھا ہوا اور افسردہ ہے۔

اخلاق بد کا شوم

ز اخلاق بد گر بُو ذ اند کی   کند فا سد احو ال را بیشکی

در یغ ار توا نند فر قی نمو د   ز اضغــاث احلام وکشف و شهود

اگر بُرا اخلاق تھوڑا سا ہوتو بھی یہ باطنی احوال کو خراب و فاسد کر دیتا ہے کاش اگر وہ پریشان خوابی اور کشف و شہود کے درمیان امتیاز و فرق کرسکتا تو یہ بہت بڑی بات ہوتی۔

محمد بن علی شاہ جلویائی

محمد که ابن علی شا ه بُو د	زمید ان خلو یه گو ی ربو د ۵۹
ز رو ح دوشیخش اشا رت رسید	که آید بصحبت شود بر مزید
چو در بحر این سلسله غرقه شد	با قطا ب و افراد هم خر قه شد ۶۰
گذ شت او ز ا قر ان خود در سلو ک	بو حد ت رسید او رهید از سلوک

محمد قدس سرہ نے جو کہ علی شاہ کے بیٹے تھے، میدان جلویہ (سلوک) میں گوئے

۵۹ نسخہ (ب) میں جلویہ ہے۔   ۶۰ نسخہ (ب) میں "غرق" بلاھا ی ہے۔

سبقت لے گیا۔ اس کو دو مرشدین طریقت کی ارواح سے فیض پہنچا (اُن کی درجات میں کافی ترقی ہوگئی) جب آپ اس سلسلے کے سمندر میں ڈوب گئے تو اقطاب اور افراد کا ساتھی وجلیس بن گیا آپ ریاضت میں اپنے ہم عمروں سے آگے نکل گئے وحدت حقیقی کو رسائی حاصل کی اور سلوک کی مشقتوں اور سختیوں سے رہائی حاصل کی۔

علی بن بہاء الدین قائنی

بقائن یکی و اصل اهل حال	زمردان غیب است و صاحب کمال
علی هست نامش بها دین پدر	در ان جا چو وی نیست مستِ دگر

قائن کے رجال غیب اور باکمال لوگوں میں سے ایک صاحب حال خدا رسیدہ آدمی ہے جن کا نام علی اور ان کے باپ کا نام بہاؤالدین ہے وہاں آپ کی مانند کوئی اور صاحب حال شخص نہیں ہے۔

جنید قائنی

جنید است مجذوب و ترخان حق	چو نبود مکلف مگیرید دق ۶۱

جنید از خود رفتہ اور حق تعالیٰ کا منصب دار ہے کیونکہ وہ شرعی آداب کی تکلیفوں سے آزاد ہے لہٰذا اس کی کسی بات پر گرفت نہ کیا کریں۔

سید احمد قائنی برادر نور بخش

دگر سید پاک عالی نسب — که در قائن است او اصل عرب

۶۱۔ نسخہ (ب)، ج میں یہ شعر نہیں ہے۔ ۶۲ نسخہ ب، ج میں یہ شعر نہیں ہے۔ یہ سید احمد سید محمد نور بخش کا سگا بھائی ہے ان کا ذکر نور بخش نے اپنی کتاب رسالۃ الھدی میں تفصیل سے کیا ہے۔

با حـمـد بـو د نـا م آ ں شیر مرد که گشت او بعز ت دران حا ل فرد

ز مـر دان حق است وی بیشکی نبـا شـد زسـا دات چـون وی یکی

چو محض عنا یت مد د حال شد بسال ضمط قطب ابد ال شد ۶۲

ایک اور عالی نسب والا پاکیزہ سید قائن میں رہائش پذیر ہے جبکہ اُن کا اصلی وطن عرب ہے اس عارف کامل کا نام احمد ہے آپ اسی گوشہ نشینی کے عالم میں حقیقی عزت سے ہمکنار ہوئے ہیں بے شک آپ اللہ والوں میں سے ہیں سادات میں سے کوئی بھی آپ سا نہیں ہے جیسا کہ حق تعالٰی کی خالص توفیق شامل حال ہوئی تو ۸۴۹ھ میں آپ قطب ابدال کے درجے پر فائز ہوئے۔

سید زین العابدین بن سید احمد قائنی

دگـر زیـن عبـا د فـر ز ند وی	دلش ذا کر و نو ر بین است وحی
بسـا ل ضمط شد مقا مش بلند	بـنز دیـک ار با ب معنی پسند ۶۳
گذ شت آن همای هما یو ن شعا ر	بسـا ل الهـی دو نـه صد هـز ا ر
ز افلا ک و اجر ام و عر ش مجید	کـه نـو د ز اجسـا م بـر وی مز ید
فنـا و بـقا یا فت از حد بر و ن	خو دی را بهشت و در آمد درون
خور د صد هز ا ر ا ن شبی بحر نو ر	کـه آں نـو ر بـا شد شر اب طهو ر
شـو د حق بکلی بذ ات و صفا ت	بـو حد ت بقد رت بعلم و حیا ت

اور اُن کا بیٹا زین العابدین تمام عبادت گزاروں کی زینت ہے اُس کا دل

۶۲-۶۳- یہ دونوں شعر نسخہ ب اور ج دونوں میں نہیں ہے

(خدا کو) یاد کرنے والا، نور مطلق کو دیکھنے والا اور زندہ ہے ۸۴۹ھ میں اُن کا مقام بہت ہی بلند ہوا اور وہ اہل دل کے ہاں نہایت ہی پسندیدہ بن گیا اس بابرکت ہما کے پرندے نے الٰہی سال کے مطابق اٹھارہ لاکھ سال اجرام فلکی اور عرش مجید کے اوپر پرواز کی ہے اس کے آگے اجرام فلکی میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہی۔ بے پناہ انداز سے فنا فی اللہ اور بقا باللہ کا حامل ہوا خودی کو چھوڑ دیا اور (بیکران بحر وحدت) میں داخل ہوا۔ لاکھوں را تیں نور کے سمندر میں گزارتا رہتا ہے (کیونکہ) وہ نور پاکیزہ شراب (یعنی عشق حقیقی) کا نور ہے وحدت وقدرت اور علم وحیات کے اعتبار سے ذاتاً وصفتاً کلی طور پر ذات حق میں فنا ہو چکے ہیں

علی بن احمد قائنی برادرزادۂ نور بخش

علی بن احمد شده آن چنان	که ند هد کسی مثل وی خود نشان
تجلی بیک شب ز نه صد هزار	فزون است و یرا زهی مرد کار ۶۴
تجلی بهر یک فنا یافته	بقدر فنا هم بقا یافته
شده مست و فانی و باقی بوی	خدای علیم و توانا و حیّ
دگر سیر وطیرش هزاران هزار	سنین و دهور است اندر شمار
ز بالای چرخ نهم هر سحر	که باشد چو وی گرم رو از بشر؟

علی بن احمد قدس سرہ ایسے ہو گئے ہیں کہ کوئی بھی خود کو اس کا ہم پلہ قرار نہیں دے سکتا اے جواں مرد! تجھ پر ایک ایک رات میں نو نو لاکھ سے بھی زائد (اللہ تعالیٰ کی)

۶۴- نسخہ ' الف میں ' کردگار ہے۔

تجلیاں نازل ہوتی ہیں تجھے آفرین ہو! ایک ایک تجلی کے ساتھ ساتھ آپ کو فنا فی اللہ بھی حاصل ہے اور فنا فی اللہ کے تناسب سے بقاباللہ کا بھی حصول ہے آپ از خود رفتہ، فانی فی اللہ اور باقی باللہ ہو گئے ہیں اور جاننے والے، قدرت والے اور ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والے خدا کا مظہر کامل ہوئے ہیں۔ عالم بالا میں آپ کی معنوی سیر و پرواز گنتی میں کروڑوں سالوں اور زمانوں پر محیط ہے- ہر ہر صبح کو فلک الافلاک کے اوپر سے گزرنے والا آپ کی طرح تیز رفتار انسان اور کون ہوسکتا ہے؟

سید سلطان علی قائنی

چو سلطان علی مر شد ۶۵ معتبر	ز ساداتِ قائن نباشد دگر
در اطوار دل با شد او بی نظیر	بر اقلیم کشف و حقائق امیر
تجلی ذات و فنا یافته	ز غیر خدا روی بر تافته
جمیع مقامات کرده است طی	شده سرمدی او فی اللہ وی ۶۶
او بر وصف حق متصف شد تمام	خدای جهان شد بکل و السلام
بماند در ان حال ده صد هزار	زادوار و ا کوار و شد بی شمار
ندیدم از ین سان دماغی صحیح	که دارد ازین واقعات صریح
در امت چو هستند ازین نوع کس	تمنای موسیٰ ازین بود و بس
بود سید و عالم و اهل حال	همین است اکنون در امت کمال

۶۵۔ نسخہ ب، ج میں سید آیا ہے۔ نیز ب میں صرف یہی ایک شعر ہے باقی نہیں ہے

۶۶۔ نسخہ ب، ج میں اس شعر سے آگے ۱۹۴ اشعار نہیں ہیں۔

قائن کے سادات میں سے حضرت سلطان علی (قدس سرہ) سا کوئی دوسرا پیر ومرشد نہیں ہے- اطوار قلبی کے سلسلے میں آپ نابغہ روزگار ہیں اور آپ عالم کشف و حقائق کا سردار ہیں- آپ نے تجلی ذات اور فنا فی اللہ کا مقام حاصل کر کے ما سوی اللہ سے بالکل منہ موڑ کر جملہ مقامات ولایت کو طے کر لیا ہے اور عالم معرفت میں دائمی سیاح ہو گئے ہیں آپ اللہ تعالیٰ کے جملہ صفات کے حامل ہوئے اور حق تعالیٰ کے کلی طور پر مظہر بن گئے ہیں۔ اسی حالت میں آپ لاکھوں صدیاں آزادرہا کرتے ہیں اور آپ کیف و کم سے پاک ہو جاتے ہیں-

میں نے آج تک ایسا صحیح دماغ نہیں دیکھا ہے جو ایسے واضح واقعات کا حامل ہو چونکہ آپ ہی اس زمانے میں امت مرحومہ میں اس قسم کے باکمال سید، عالم اور اہل حال پیدا ہونے والے ہیں اسی بناء پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا امتی ہونے کی) تمنا کی تھی-

سید محمد قائنی

مر او را بر ادر یکی اشر ف است	که نو ر د لش از قمر الطف است٦٧
بکشف و تجلی و با قی کما ل	رفیق است با جمله ار با ب حا ل
چو او نیست اهل ارادت کسی	نبا شد کسی گر بجو ید بسی ٦٨

٦٧-نسخہ ب، ج میں یہ اور اگلے دونوں اشعار نہیں ہیں۔ ٦٨ نسخہ (الف) میں یہ شعر اس طرح ہے۔ چو تو نی زاهل ار ادت کسی
نیا بی دگر گر بجو ئی بسی

ان کا ایک بہت ہی شریف بھائی ہے جن کا دل ماہ تاباں سے بھی زیادہ منور اور روشن ہے کشف وتجلی اور دیگر سارے کمالات میں وہ جملہ اہل حقیقت کا ساتھی ہے چونکہ ان کی طرح کوئی صاحب ارادت نہیں ہے اس لئے تلاش بسیار کے باوجود آپ جیسا کوئی نہیں مل سکتا۔

زین العابدین بن سلطان علی قائنی

دگر زین عباد فرزند وی دلش ذاکر و نور بین است و حی

در اطوار دل باشد او بی نظیر باقلیم کشف و حقائق امیر

تجلای ذات و فنا یافته ز غیرِ خدا روی بر تافته

بود سید و عالم و اهل حال همین است اکنون در امت کمال

ارادت نشان ولایت بود ولایت کمال ارادت بود

بکشف و تجلی و اطوار دل رسید است گشته بحق مشتغل ۶۹

ان کا فرزند زین العابدین ہے جن کا دل ذاکر، نور بین اور زندہ ہے وہ اطوار قلبی میں بے نظیر اور اقلیم کشف وحقائق کا امیر ہے انہوں نے تجلیات ذات پائی ہے وہ فنا فی اللہ سے مشرف ہوا ہے غیر اللہ سے انہوں نے منہ موڑ لیا ہے وہ سید، عالم اور اہل حال ہے انہی کی بنیاد پر وہ امت محمدیہ میں صاحب کمال ہے ارادت میں اس جیسا کوئی نہیں ہے اگر تم ڈھونڈ لے تو اس جیسا کوئی نہیں ملے گا ارادت ولایت کی نشانی ہے اور ولایت ارادت کا کمال ہے۔ کشف، تجلیات اور اطوار دل میں وہ پہنچا ہوا اور حق تعالی سے واصل ہے

۶۹ نسخہ الف اور ج دونوں میں متصل ہے

شرف الدین محمد تونی

محمد بود نام آن بختیار که گشت او بخدمت ز مردانِ کار
شرف دین تونی بسی کامل است بنور ۷۰ تجلی حق واهل است
کنون در سفر سوی کعبه شده است زمستیٔ جذ به شده او ز دست

اس نیک بخت کا نام محمد ہے جو خدمت کی بناء پر مردان کار میں سے ہو گیا ہے ان کا لقب شرف الدین ہے وہ تون کا رہنے والا بڑا کامل شخص ہے نور تجلیات الٰہی سے واصل ہے آج کل وہ کعبہ کے سفر پر رواں دواں ہے اور وہ جذبۂ الٰہی کی مستی سے از خود رفتہ ہو گیا ہے۔

علی شاہ تونی

دگر آنکه دارد ز کشف او نصیب علی شه ز تون اهل دل عنقریب

دیگر علی شاہ تونی بھی کشف سے بہرہ ور ہے اور وہ عنقریب اہل دل بننے والا ہے۔

شیخ احمد قریشی قہستانی

ز اهل قهستان دگر سابق است که مجذوب و دیوانه و عاشق است
قریشی که احمد بود نام وی بسی از مقامات کرد است طی
کنون در ترقی است هر ماه و سال شود آخر الامر صاحب کمال

اہل قہستان میں سے ایک سبقت لے جانے والا ایک ایسا مجذوب، دیوانہ اور

۷۰۔ نسخہ الف میں بخور ہے

عاشق ہے جو نیکی کے کاموں میں سبقت لے جانے والا ہے اور اس کا نام احمد قریشی ہے انہوں نے سلوک کے بہت سے مقامات طے کیے ہیں آج کل وہ دن دگنی اور رات چوگنی معنوی طور پر ترقی پا رہے ہیں اور آخرالامر وہ صاحب کمال بن جائے گا۔

لقمان مشہدی

شریف است وعالم دگر ز اهل فقر	بُوَی اهل مشهد نما یند فخر
کسی را که علم است سر حق است	بد و گر کنی فخر الحق نکو است
زمشهد مکاشف چو لقمان ندید	خدایا رسانش به هَلْ مِنْ مَزِیْدُ
دلش ذکر گوید بلند و صریح	بود مشربش همچو کشف صحیح

ایک اور (معنوی) فقر کا حامل شخص ہے جو سیدھا سادہ اور عالم ہے مشہد والے ان (کے وجود) پر فخر کرتے ہیں وہ لقمان مشہدی کی ذات ہے جس شخص کے پاس علم ہو وہ اللہ تعالیٰ کا رازدار ہوتا ہے اور اس کے وجود پر اللہ تعالیٰ فخر کرے تو زیب دیتا ہے مشہد نے لقمان جیسا صاحب کشف کو نہیں دیکھا اے اللہ! ان کے درجات کو اور بلند فرما آپ کے قلب مبارک کی دھڑکنیں ذکر حق بلند کرتا ہے۔ آپ کے معنوی سیرابی کا گھاٹ صحیح صحیح کشف کی مانند ناقابل تردید ہے۔

محمد طوسی

محمد بطوس از اکابر بود	تجلی نوریش وافر بُوَد
کمالات [1]عالی چو کشف وشهود	زمیدان او تا دگوی ربود

1۔ نسخہ (ج) میں 'بحالات' ہے۔

بناسوت وملک وملائک گذشت	بجبروت ولاهوت پیوسته گشت
بحلم وبا خلاص و کشف و صفا	به ترک ریا و خمول ۲ے وجفا

طوس میں محمد (قدس سرہ) اکابر اولیاء میں سے ہیں۔آپ کی نورانی تجلیات وافر (زیادہ) ہیں آپ اوتاد کے میدان میں کشف وشہود جیسے بلند کمالات کا کوئے سبقت لے گئے ہیں آپ عالم ناسوت، ملک وملکوت سے بھی آگے نکل گئے (اور) عالم جبروت و لاہوت سے پیوستہ ہو گئے ہیں آپ حلم ،اخلاص،کشف اور صفا کا مالک ہیں اور ریاکاری، جہالت اور خفگی کو ترک کرنے والے ہیں۔

بختیار یزدی

دگربختیار ۳ے است مجذوب و مست	ز مستی شده اختیارش ز دست
ز یزد است و در ملک ختلان مقیم	رسد گه گهی ۴ے پیش ماچون نسیم

بختیار (قدس سرہ) مجذوب اور خود از رفتہ ولی ہیں۔(حقیقی) مستی کی وجہ سے آپ کا اختیار اپنے ہاتھ سے نکلا ہوا ہے۔آپ یزد سے ہیں اور ملک ختلان (کولاب) میں مقیم ہیں اور بادصبا کی طرح آپ کبھی کبھی ہمارے پاس پہنچ جاتے ہیں۔

عطا بلخی

عطانیز مجذوب و لا یعقل است ز شیخم شنیدم که اهل دل است

عطا بلخی بھی مجذوب ومست ہیں میں نے اپنے شیخ ومرشد ۵ے سے سُنا ہے

۲ے نسخہ (ج) میں " جہول " ہے۔ ۳ے نسخہ ب اور (ج) میں "اختیار" آیا ہے۔
۴ے نسخہ "ج میں "ہر کجا" ہے۔ ۵ے مراد خواجہ اسحاق ختلانی ہے۔

کہ آپ بھی ولی کامل ہیں۔

علی بلخی

علی بلخی از سالکان قدیم   بُوَد اهل دل در وفا مستقیم

بعلم و بشرف زاعیان بود   ز بلخ است و ساکن بختلان بود ٧٦

علی بلخی (قدس سرہ) طبقہ اولیٰ کے راہ پر گامزن ارباب قلوب میں سے ہیں آپ علم وشرف کے اعتبار سے ایک سربرآوردہ اولیاء میں سے ایک ہیں-آپ (اصل میں) بلخ سے ہیں (جبکہ) ختلان میں اقامت پذیر ہیں۔

بدخشان

بدخشان ز آثار اهل حضور   شده چون بهشت برین پُر ز نور ٧٧

بدخشان ارباب قرب وحضور کے نیک آثار کی وجہ سے خلد برین (جنت) کی طرح نور وضیاء سے پُر ہے-

سید محمد دامغانی

چو سید محمد کس از دامغان٧٨   ندیدم بتوحید و کشف و عیان

بعلم و بحکمت سر آمد بود   یقین او ز آل محمد بُود

توحید، کشف اور عین الیقین کے اعتبار سے دامغان میں سید محمد (قدس سرہ) کا

٧٦ے یہ شعر نسخہ ب میں نہیں ہے ٧٧ے یہ شعر نسخہ ب، ج دونوں میں نہیں ہے ٧٨ے نسخہ الف میں طالقان آیا ہے۔

کوئی ہمسر نہیں دیکھا علم وحکمت میں آپ برگزیدہ ہستی ہیں بلاشبہ آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی (صلبی، قلبی اور حقی) اولاد میں سے ہیں

سید سلطان اویس بدخشی

دگر خویش میر است از سروری　　که نبود ۷۹ بعالم چو او سروری

سیادت بکشفش چو شد مقترن　　بنام است سلطان اویس قرن ۸۰

اگر کوئی سردار ہے تو وہ ہمارا خویش میر ہے- دنیا میں آپ سا کوئی سردار نہیں ہے کیونکہ آپ کو کشف کے ساتھ ساتھ سیادت بھی ملی اس لئے آپ کا نام نامی سلطان اویس قرنی قدس سرہ کے نام پر معنون ہوا۔

فخر الدین بدخشی

دگر فخر الدین است اہل دلی　　که نبود بتقویٰ چو وی کاملی

در اخلاق مرضیہ با شد پسند　　ز علم و عمل شد مقامش بلند

فخر الدین (بھی) ارباب قلوب میں سے ہیں-تقوی کے اعتبار سے اُن کے پایہ کا کوئی مرد کامل نہیں ہے اچھے اچھے اخلاق کی وجہ سے آپ خدائے تعالیٰ کا محبوب ہیں (اور) علم وعمل کے ناطے آپ کا رتبہ بہت بلند ہوا ہے۔

غلام وجمال بدخشی

غلام وجمال اند ز ۸۱ مردان کار　　دو سالک و مرداند و صاحب عیار

۷۹ نسخہ (ب) میں 'بود' ہے۔　۸۰ نسخہ 'ب، ج' میں یہ شعر نہیں ہے۔　۸۱۔ نسخہ (االف) 'ز' نہیں ہے۔　۸۲ نسخہ ب، ج میں 'اعیان' ہے۔

بفقر و لا یت چو ایشا ں یکی	نبا شد در ان مملکت بیشکی
چو در علم ظا ہر نکو شید ہ اند	ز ابصا ر اغیا ر ۸۲ پو شید ہ اند

اس سرزمین بدخشان میں غلام اور جمال (قدس سرھما) ارباب فضل وکمال میں سے ہیں- دونوں رہروطریقت، مردان حق اور معنوی لحاظ سے بے حد قدر و قیمت والے ہیں۔ بلا شبہ ولایت بدخشان کی سر زمین میں ان کے مرتبے کا کوئی نہیں ہے چونکہ انہوں نے علوم ظاہری میں زیادہ کوشش نہیں کی اس لئے وہ اغیار کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔

علی اسود

دگر اہل معنی بو د نیک پی	نبا شد با خلا ص ہر کس چو وی
علی ۸۳ اسو د ما ست مجذ و ب گر م	که د ر د ست او کشف صو ریست نرم

ایک اور اہل دل ہے جو بڑا مبارک قدم ہے اخلاص کے اعتبار سے اُس جیسا کوئی نہیں یہ ہمارا مجذوب حقیقی علی اسود قدس سرہ ہے آپ کے ہاتھ میں کشف صوری بالکل معمولی اور آسان ہے۔

خواجہ چالاک

دگر خو اجہ چا لا ک مجذو ب ما ست	از ینرو اگر د ور از ان رو بما ست
اگـر چـہ بظـا ہـر نما ید حقیر	بَوُ د کشف صو ر ی و ی بینظیر

اور خواجہ چالاک ہمارا مجذب دوست ہے- گو وہ اس ازخود رفتگی کے سبب ہم

۸۳-نسخہ 'ب' میں 'غلام' آیا ہے۔

سے دور ہے، پر (وصالِ حق کے) اعتبار سے وہ ہمارے قریب ہے۔ اگر چہ ظاہر میں آپ ادنیٰ وحقیر لگتے ہیں لیکن (حقیقت میں) آپ کا کشف صوری بے مثال ہے۔

محمود ناصر

چو محمو د نا صر مکا شف دگر	نبا شـد با خلا ص [۸۴]آیـد مگر

محمود ناصر (قدس سرہ) جیسا کوئی اور صاحب کشف ولی اور اخلاص کا پیکر نہیں ہوگا۔

خراسان

خـر اسـا ن بُوَ د مخز ن اهل حا ل	زا بد ال و ابر ار و صا حب کما ل[۸۵]

خراسان (کی سرزمین) ابدال وابرار اور فضل وکمال والے اولیائے کرام کا مخزن ہے۔

سید زین العابدین ہروی

یـکـی سیـد ی مست اند ر هر ات	که مجذ وب ومست است واعلی صفات
بـوَد سیـد پاک و علمش چو بحر	سـلو ک و ر یا ضت گز یـد ه ز د هر
چـو علم وسلو کش بجذ به کشید	ز تـکـلیف ظـا هـر بـکلّی ر هید
ورا زیــن عبــا د بـو ده اسـت نـام	سیـه پـو ش گـو یند اکنو ن عو ام
ز صد سا ل عمر ش زیا ده شد ه است	ز پـنـجا ه زیا د است کو گشته مست

۸۴- ب میں آہنگ اور ج میں اخلاق آیا ہے   ۸۵۔ نسخہ 'ب' اور ج' میں یہ شعر موجود نہیں

ہرات میں ایک قلندر صفت سید ہے جو از خود رفتہ ، مستی حق کا حامل اور بلند صفات کا مالک ہے-آپ پاک و پاکیزہ سید ہیں-آپ کا علم سمندر کی مانند ہے اور سلوک و ریاضت کے ذریعے آپ نے زمانے سے علحدگی ویکسوئی اختیار کی ہے-علم و سلوک کا شوق آپ کو (حق تعالیٰ کی جانب) کھینچ لایا ہے اس جذبۂ حق کے نتیجے میں مجذوب ہوکر (شریعت کی) ظاہری بندش سے بالکل آزاد ہو گئے۔اُن کا نام نامی زین العباد ہے ابھی عوام انہیں سیاہ پوش (کے لقب) سے پکارتے ہیں۔اُن کی عمر سو سال سے متجاوز ہے-اور مغلوب الحال ہوئے پچاس سال سے زیادہ عرصہ گزر گیا ہے۔

ہمام مجذوب کرمانی

همام۸۶ است ابدال و مجذوب و مست	مقیم هرات ارچه کرمانی ۸۷ است
بمستی و کشف و مقام بلند	ندیدم دران جا چُوی ۸۸ ارجمند

ہمام (قدس سرّہ) ابدال، مجذوبین اور مستی حق کے حامل طبقہ صوفیا میں سے ہیں گو آپ اصل میں کرمان سے ہیں تاہم ہرات میں سکونت اختیار کیے ہوئے ہیں مستی حق، کشف اور بلندی مقام کے اعتبار سے میں نے وہاں اُن جیسا کوئی صاحب قدر و منزلت نہیں دیکھا۔

باباحسن ہروی

عجب ترک هستی است بابا حسن	که شهر هرات است وی را وطن

۸۶۔ نسخہ " ب، ج "ہماں رند" آیا ہے۔ ۸۷۔نسخہ (ب) میں کویائیست' اور نسخہ ج "میں کویانست " آیا ہے۔ ۸۸۔نسخہ " الف میں "او" آیا ہے۔

بظاهر خراب وقلندر بوَد بباطن به از شیر و شکر بُوَد اگر
زمر دان غیب است آن سهمناک محتسب می نداند چه باک

باباحسن قدس سرہ کی ہستی خود بینی کو چھوڑ دینے والی اور فنا فی اللہ ہونے والی ہے اور ہرات اس کا وطن ہے ظاہر میں زبوں حال اور قلندر صفت ہے لیکن باطن میں شیر و شکر سے (بھی) زیادہ دلکش اور بہتر ہے وہ خوف خدا کا پیکر عالم غیب کو رسائی پانے والوں میں سے ہے۔ اگر حاکم محتسب کو اس کا علم نہیں تو کیا پرواہ؟

شریعت میں مقام مجذوب

گر ابدال در شرع پر دہ در ند	فَلاَ یُقْتَدٰی وَلاَ یُنْکَرَ اند
باو امر معروف و منکر مگو	که امر است بر مرد عاقل نکو
کسی را که شد عقل او محتجب ۸۹	نیابد ۹۰ بر و دسترس محتسب
ملنگان که باشند در صحبتش	نه نقد ۹۱ اند باده که درد اند غش

مجاذیب کے اقوال واحوال کی از روئے شرع نہ پیروی کی جائے گی اور نہ ہی اُن پر ان کی کوئی گرفت ہو گی اسی طرح انہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا حکم دینا عاقل آدمی کو زیب نہیں دیتا جس شخص کے عقل پر پردہ پڑے حاکم شرع کو اس پر احتساب جاری کرنے کا اختیار وقدرت نہیں لیکن جو ملنگ مجذوبوں کی صحبت میں رہتے ہیں جن کی شراب محبت خالص نہیں ہوتی کیونکہ اُن ملنگوں کی مستی کھوٹیا ور درد مصنوعی ہوتا ہے۔

۸۹ نسخہ 'الف میں 'مصرع اول یوں ہے. کسی را که عقل او بو د محتجب ۹۰ نسخہ 'الف میں' ندارد' آیا ہے۔ ۹۱ نسخہ 'ب میں 'بتقلید اور نسخہ 'ج میں 'نه نقلند ہے۔

نجم الدین عمر ساوی

دگر نجم الدین است صاحب دلی — که در علم وحکمت بود کاملی
بتحقیق و توحید ۹۰ عارف شد — ز ارباب احوال واقف شده
زشیخان ساوه است و نامش عمر — کنون در هرات است آن پرُهنر
کنون در سفر می رود در بدر — کہ یک طالب حق نیابد مگر

نجم الدین عمر ساوی قدس سرہ ایک روشن دل ولی ہیں کیونکہ علم وحکمت میں آپ کو کمال حاصل ہےحقیقت مطلقہ اور توحید حقیقی سے باخبر ہیں اور خداشناس ہستیوں کے احوال ومقامات سے واقف وآ گاہ ہیں آپ ساوہ کے مشائخ میں سے ہیں آپ کا اسم گرا می عمر ہے اور وہ باکمال ہرات میں مقیم ہیں مگر ابھی آپ سفر میں در بدر پھر رہے ہیں لیکن ابھی تک ایک بھی طالب حق کونہیں پاسکا کہ اسے اپنا مرید بنائے۔

بلبل ساوی

جوانی چو بلبل زمر دان غیب	ندیدم دگر کس مکن هیچ عیب

عالم غیب کو رسائی پائے ہوئے اولیائے کرام میں سے کسی اور کو بلبل ساوی کی طرح جوان نہیں پایا لہذا اس کی عیب جوئی نہ کر۔

۹۰۔نسخہ ب میں بتوحید وتحقیق عارف شدہ ہے

اسفرائن

حاجی علی اسفرائنی

دگر ز اسفرائن بود پر زنور	ز طاعات حاجی علی مست دور
که وی ۹۱ پیرو کار است و مرد خدا	بود گرد نعلین او توتیا
ریاضات او باوجود کبر	عجب نیست مقدور وسع بشر

سرزمینِ اسفرائن سے زمانے کا مرد قلندر حاجی علی قدس سرہ اپنی عبادات و مجاہدات کی وجہ سے نور ہی نور ہے آپ صاحب ارشاد اور اللہ والے ہیں آپ کے جوتوں کی دُھول چشم اولیاء کے لئے سرمہ کا درجہ رکھتی ہے (یہ امر قابل) تعجب ہے کہ بڑھاپے کے باوجود آپ کے مجاہدات کسی اور انسان کے بس کے نہیں ہیں۔

بایزید اسفرائنی

هم ز اسفرائن بود بایزید ۹۲	که دائم ۹۳ بود کشف او برمزید
باطوار و انوار پیوسته است	ز اسرار توحید دانسته است
شده در تجلی زاهل فنا	رسیده بسرحد ملک بقا

حضرت بایزید قدس دسرہ بھی اسفرائن سے ہیں آپ کی سیر ملکوت روز افزوں ہے آپ نے ہفت گانہ اطوار قلبیہ اور ساتوں انوار غیبیہ کو رسائی پائی ہے توحید وجودی اور (اس کے) اسرار کا (پورا پورا) علم حاصل کیا ہے (چہارگانہ) تجلیات میں آپ ارباب فنا میں سے

۹۱ نسخہ ب میں او ہے ۹۲-(ج) میں مصرع اول یوں ہے

''هم ز اسفرائن بود بایزید'' ۹۳ نسخہ الف میں دائم -

ہوئے ہیں (اور) آپ عالم بقا کی سرحد تک پہنچے ہوئے ہیں۔

خواجہ ولی

چو خواجه ولی سالک اهل درد	هر آنکس که باشد بود شیر مرد

جو سالک خواجہ ولی قدس سرکی مانند درد والا ہوگا وہ مرد خدا ہوا کرے گا۔

شیراز

اگر سوی شیرازت افتد گزر

ببین روی مردان حق یک نظر

اگر تیرا گزر شیراز پر سے ہوجائے تو (وہاں کے) حق پرستوں کے نورانی چہروں پر بھی ایک نگاہ ڈال۔

عبداللہ شیرازی

چو بردارم این پرده را از طبق	بود شیخ عبدالله از اهل حق

جب میں اس (معنوی) پردے کو ہٹادوں تو شیخ عبداللہ (قدس سرہ) کا اولیاء اللہ میں سے ہونا آشکارا ہوجائے گا۔

ظہیر شیرازی

ظهیر است اینک بجهرم مقیم	که هم سید و زاهد است و کریم
بتحقیق و توحید قوی عارف است	باخلاق نیکو ازین طائفه است

یہ لے ظہیر شیرازی قدس سرہ "جہرم" میں اقامت پذیر ہیں جو کہ سید بھی،

پرہیز گار بھی اور سخی بھی ہیں چونکہ آپ کو حقائق اشیاء، توحید وجودی اور اچھے اچھے اخلاق کی (پوری پوری) معرفت حاصل ہے اس لئے آپ اولیاءاللہ کے گروہ میں سے ہیں

عبدالرحمان

دگر عبد رحمان که از جهرم است	ز صحبت برفتست و حالا گم است
دلش ذاکر و مشربش صافی است	براه خدا خلق را داعی است
ز کشف زانوار هم واقف است	بتوحید و اسرار هم عارف است
بود شعر او در حقائق روان	زحیرت بگرد جهان است دوان

عبدالرحمٰن بھی ''جہرم'' شیراز سے ہیں آپ عزلت نشینی کی وجہ سے معنوی طور پر نظروں سے اوجھل ہیں آپ کا دل حق میں مشغول اور روحانی مشرب صاف وشفاف ہے اور آپ لوگوں کو راہ خدا کی طرف بلانے والے ہیں- آپ کشف وشہود اور انوار غیبیہ سے بھی واقف ہیں اور توحید وجودی اور (اس کے) اسرار کے خوب جاننے والے بھی ہیں (واقعات کی) حقیقت بیانی میں آپ کے اشعار بڑی روانی کے حامل ہیں- حیرت آفرینی کے ساتھ آپ اطراف عالم میں محوسیاحت ہیں۔

ابن عبدالسلام شیرازی

هم از خنج شیراز باشد یکی	که وی اهل معنی۹۴ بود بی شکی
ز اولاد عبدالسلام است مگر	که آن کشف و۹۵ احوال دارد خبر

اسی خنج شیراز سے عبدالسلام کی اولاد میں سے ایک اور ہستی بھی اہل معنی میں

۹۴-نسخہ ج میں مستی ہے- ۹۵-نسخہ ج میں واو عاطفہ نہیں ہے-

سے ہے نیز وہ کشف احوال سے بھی واقف ہے۔

خواجہ احمد

دگر خواجه احمد بود مرد کار	زمردی نگردد کس ازوی فکار
بحلم و بخلق حسن کامل است	ورا کشف و اطوار دل حاصل است
زفرغانه است او باصل پدر	بشیراز پرورد وی را قدر

نیز خواجہ احمد شیرازی قدس سرہ بڑے کام کا آدمی ہے اُن کی جوان مردی کی وجہ سے کسی (کے دل) کو ٹھیس نہیں لگی ہے بردباری اور پسندیدہ اخلاق میں وہ با کمال ہے کشف وشہوداور اطوار قلبی کا اُس نے حصول کیا ہے اُن کا آبائی وطن تو ''فرغانہ'' ہے لیکن تقدیر ازلی نے اُن کی پرورش شیراز میں کی۔

محمد شیرازی

بشیراز اگر مرد جوی دگر	محمد بود مرد صاحب سیر
که وی اهل کشفست و صاحب دلست	ترقی معنی ازو حاصل است
کنون در سفر بهر فقر و ۹۶ فنا	گذ شته است از خانه و اقربا

اگر تجھے شیراز میں کسی اور ولی کی تلاش ہے تو وہ شیخ محمد شیرازی قدس سرہ ہے آپ اچھی اچھی سیرتوں کا مالک ہے کیونکہ آپ کشف کا مالک اور خدا تعالی کا کامل ولی ہیں اس سے آپ کو روحانی طور پر بڑی ترقی حاصل ہے روحانی اونچی سیر کی حقیقت مل جاتی ہے اس وقت وہ فقر حقیقی اور فنافی اللہ کے حصول کی خاطر گھر بار اور خویش واقارب چھوڑ کر سیر الی اللہ پر نکلے ہوئے ہیں۔

۹۶۔نسخہ ج میں واو عاطفہ نہیں ہے۔

عزالدین شیرازی

دگـر عـز دینـی کـه از ده علـی	بـزهـد و ورع هـمـچو سید علی
چو دارد ز کشف او نـصیبی دگر	خـدایش رسـانـد بصحبت مگر
زافیــاض انفـاس اهل کـمـال	بیــابـد ز آثـار اربـاب حـال

نیز عزالدین قدس سرہ ''دہ علی'' کا رہنے والا ہے ظاہری اور باطنی پرہیزگاری میں حضرت شاہ ہمدانؒ کی مانند ہے گو اُسے کشف و شہود میں سے کافی حصہ ملا ہے اس لئے اللہ نے اُسے کاملین کی صحبت سے ہمکنار کیا ہے اہل کمال کے پاکیزہ انفاس کی برکت سے آپ میں ارباب حال کے آثار نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔

عراق (فارس ایران)

عراق است مانند ہ ای بوستان

که باشد دران جا بسی دوستان

عراق کی سرزمین ایک گلزار کی طرح ہے کیونکہ وہاں بہت سے اولیاء اللہ رہتے ہیں۔

علی گلہ بان

ز ابـدال حق است علی گله بان　　کـه بـاشد چو وی یکجهت در جهان

گـذ شتـــه ز دنیـا لـذ ات وی　　هـمــه ســال بـاشد ریـاضـات وی

زیزد است و اند ر سفر دائم است　　بـفـقـر و ریـاضـت بسی قائم است

علی گلہ بان قدس سرہ حق تعالیٰ کے طبقہ ابدال (کے اولیاء) میں سے ہیں دنیا میں اُس کے پایہ کا کون ہوسکتا ہے؟ دنیا اور اس کی لذتوں کو ترک کیے ہوئے ہیں اُن کا معرکہ نفس سارا سال ہوتا رہتا ہے آپ یزد سے ہیں ہمیشہ ہمدوش سفر ہیں اور حقیقی فقر کے حصول کے لئے ریاضت کشی میں لگے ہوئے ہیں۔

شمس الدین نائنی

بنائن اگر پرسی از شمس دین	ز ارباب کشف است و حال و یقین

اگر تو دریافت کرے تو نائن میں شیخ شمس الدین قدس سرہ کشف وشہود، واردات قلبی اور حق الیقین کے حامل ہستی ہیں۔

صالحہ نائنی

یکی صالحه اهل کشف ست و حال	بنائن چو وی نیست صاحب کمال

نائن ہی میں کشف وشہود اور احوال باطنی کی حامل ایک نیکوکار عورت ہے اُس جیسی کوئی صاحب کمال شخصیت نہیں ہے۔

بابا محمد

چو بابا محمد یکی مرد مست	بملک عراق و خراسان کم است

عراق اور خراسان کی سرزمین میں شیخ بابا محمد قدس سرہ کی مانند حقیقی مستی کا حامل شخص نہ ہونے کے برابر ہے۔

سید حیدر رازی

چو حیدر یکی سید از اهل ری	بکشف و تجلی که دید است و کی
بود مرشد کامل و اهل راز	ازین رو بود رازی آن سرفراز

کبھی کسی نے رے کے لوگوں میں سے کسی کو سید حیدر قدس سرہ کی مانند کشف و تجلی سے سرشار دیکھا ہے؟ جہاں آپ ایک مرشد کامل ہیں وہاں آپ اللہ تعالی کے راز و نیاز والوں میں سے ہیں اسی وجہ سے آپ کے سر پر ''رازی'' کے لقب کا تاج سجایا گیا ہے۔

جلال الدین

جلال است دیگر بحق واصلی	که در ری چو وی نیست اهل دلی

جلال الدین رازی قدس سرہ بھی ایک خدا رسیدہ بزرگ ہیں رے میں اُن جیسا کوئی ولی نہیں ہے۔

جمال الدین

جمال است در ری دگر اهل حال	که کشفش درست است بی قیل و قال
اگرچه بد ستم گهی توبه کرد	ولی پیش حیدر شدآن شیر مرد

رے میں احوال باطنی کا حامل ایک اور ولی جمال الدین رازی قدس سرہ ہیں کیونکہ اُن کے کشف (کا زاویہ) بالاتفاق معیاری ہے اگرچہ اس شیر بیشہ ولایت نے کبھی میرے ہاتھ پر توبہ کی تھی لیکن (بعد میں) وہ سید حیدر (رازی قدس سرہ) کے حلقہ ارادت میں شامل ہوا ہے۔

محمد رازی

محمد شد از اهل معنی بجسم	که دور اند ازین طائفه اهل رسم

محمد رازی (قدس سرہ) پوری تندہی کے ساتھ ارباب معنی کے اس گروہ میں شامل ہوئے ہیں جس سے اہل ظاہر دوری اختیار کرتے ہیں۔

بایزید خلخالی

دگر بایزیدی که خلخالی است	زاخلاق بد باطنش خالی است
بر اعیان سلاک سرور بود	مقامش زافلاک برتر بود
بقزوین اگرچه مقیم است بسی	وقوفی ندارد ز حالش کسی

نیز بایزید خلخالی قدس سرہ کا دل بُرے اخلاق سے بالکل خالی ہے وہ بڑے بڑے سالکان طریقت کے سردار ہیں (اور روحانی طور پر) اُن کی قدر و منزلت بہت اونچی ہے اگرچہ وہ کافی عرصہ سے قزوین میں مقیم ہے مگر وہاں ان کے احوال باطنی سے کوئی آگاہ نہیں ہے۔

میرک خارکش

بسلطانیه میرک خارکش	بود اهل معنی و دیوانه وش

سلطانیہ میں (معنوی لحاظ سے) کمالات کا حامل ایک لکڑہارا میرک ہے جو بڑا معنی شناس اور مست شراب ازل ہے۔

بابا علی

زمـردان غیـب اسـت بـابـا علـی	نـدارد بیـک جـا قـرار آن ولـی
کنون در عراق است و و ار بخجوان	بـود مولـد و معبد ش بی گمان

باباعلی قدس سرہ کا تعلق رجال الغیب سے ہے جوایک ہی جگہ جم کر نہیں رہتے (اللہ تعالیٰ کا) وہ محبوب کسی ایک جگہ پہ اقامت پذیر نہیں ہوتا۔اگر چہ آپ کی جنم بھومی نخجو ان میں اور وہیں آپ کی خانقاہ ہے لیکن ابھی آپ عراق میں مقیم ہیں۔

باباحسین قدس سرہ

چو بابا حسین ۹۵ ار بو د اهل درد یقین دان که با شد ز مر دا ن مر د

اگر کوئی باباحسین قدس سرہ کی مانند درد دل والا ہوتو بلاشبہ وہ اولیاءاللہ میں سے ہے۔

رکن ابدال

دگـر رکـن ابدال مسـت الـسـت	تـجـلـی صـوری مقام وی است
کـنـون در نـواحی سلطانیه است	ولیـکن بمولد پریشانی ۹۶است

رکن الدین قدس سرہ شراب الست نوش کرنے کی وجہ سے مستیٔ حق سے سرشار ہیں تجلی صوری کے مقام پر فائز ہیں آپ نے اپنی جائے پیدائش کو چھوڑ کر ''سلطانیہ'' کے اطراف میں سکونت اختیار کی ہے

۹۵ نسخہ(ب) میں 'حسن' آیا ہے۔ ۹۶۔ نسخہ(ب) میں پریشانیہ ہے۔

حمزہ

بود حمزہ ۹۷ مرد خدا بی گمان	بسلطانیہ قدر وی را ۹۸بدان

بلاشبہ شیخ حمزہ قدس سرہ ولی اللہ ہیں جان لے سلطانیہ میں آپ کی بڑی قدرو منزلت ہے

سالوک

دگر ذکر سالوک زابد ال حق ۹۹	بر ابد ال قطعا نگرد د ورق

نیز سالوک قدس سرہ کوحق تعالٰی کے طبقہ ابدال میں شمار کرنا (دوسرے) ابدال پر کوئی ظلم نہیں ہوگا۔

حاجی علی

چو حاجی علی سالکی راست بین ۱۰۰	ز اقران وی کس ندیدم یقین
بکشف و تجلی ازان واصل است	کہ صدق وارادت وراحاصل ست
ولادت بتبریز بودش قضا	بسلطانیہ داد ویرا نما

بلاشبہ حاجی علی قدس سرہ کے ہمعصروں میں سے کسی کو میں نے اس کی مانند راہ طریقت سے آگاہ نہیں پایا چونکہ آپ کو سچی ارادت حاصل ہے اس لئے آپ کشف و تجلی کو رسائی پا چکے ہیں گو آپ کی ولادت تبریز میں ہوئی تھی (لیکن) تقدیر ازلی نے آپ

۹۷- نسخہ (ج) میں حمزہ کی بجائے حمرہ ہے۔ ۹۸۔ نسخہ (ج) میں ویران ہے۔ ۹۹۔ نسخہ ب میں مصرع اول اس طرح ہے۔ د گر ذاکر ابد ال سا لک می حق-

۱۰۰۔ نسخہ ج میں راست کی بلائے است ہے-

کی پرورش سلطانیہ میں کی۔

شیخ احمد

دگـر شیـخ احـمـد بـو د اهل درد	که دنیای دون بر دلش گشت سرد

نیز شیخ احمد قدس سرہ بھی درد دل والوں میں سے ہیں کیونکہ آپ کے دل میں دنیائے دوں کی (آتش محبت) سرد پڑ گئی ہے۔

رجب

بسـلـطـانیه چون رجب اهل ذ وق	نبـاشـد بـگـرمی و مستی و شوق

باطنی سرگرمی، مستی اور شوق حقیقی کے اعتبار سے سلطانیہ میں شیخ رجب قدس سرہ جیسا کوئی صاحب ذوق نہیں ہے۔

شہاب الدین و یوسف زربادی

ز اطـــراف زربـــاد از مـــزدقـــان	شهـاب است و یوسف شـه سـالکان
اگـرچـه تهـی انـد از معرفت ۱۰۱	دل از نـور تـقوی شد ه مه صفت

مزدقان کے علاقہ زرباد کے مضافات میں سے شیخ شہاب الدین اور شیخ یوسف قدس سرہما ہر دانِ طریقت کے بادشاہ ہیں اگرچہ ان دونوں کا دامن کمال معرفت سے خالی ہیں مگر اُن کے دل تقویٰ کے نور کی وجہ سے ماہ تاباں کی مانند ہے

۱۰۱۔نسخہ ب مصرع اول یوں ہے۔

اگر چه تهی از معر فت اند

بہاؤالدین قروی

بهادین بقروه ۱۰۲ بود مرد کار	ز پیرش همان مانده است یادگار

قروہ میں شیخ بہاؤالدین قدس سرہ مرد میدان ہیں اُن کے مرشد کی یادگار کے طور پر صرف وہی باقی ہیں-

شیخ تاجی

دگر شیخ تاجی که هست از سوند	ز مردان غیب است آن دردمند

نیز شیخ تاج الدین قدس سرہ سوند (کے علاقہ) سے ہیں اس حقیقی عاشق زار کا تعلق رجال کشف وشہود سے ہے-

محمد الوندی

محمد بالوند هست از رجال	غریقِ تجلی و سکران و حال
عجیب و غریب است حالات وی	شنو شمه ای از مقامات وی
گذشت است از عرش سی صد هزار	سنین و آن سنین الهی شمار ۱۰۳
پس آنگه خدا گشته وی صد هزار	که خمسین الفش بود هر نهار ۱۰۴
بقای که ویرا بعد از فنا	بگویم کرا بود از اولیا؟
مقامش مقام خلیل است و بس	ندارد برو دیگری دست رس

الوند میں شیخ محمد ہمدانی ۱۰۵ قدس سرہ نورالٰہی (کے سمندر میں) ڈوبے ہوئے حقیقی مستی کے

۱۰۲-نسخہ ب بعروہ' آیا ہے -۱۰۳-نسخہ (ب) مصرع آخریوں ہے

سینن و سنن آ ن الھی شما ر ۱۰۴- اشارہ بآیت کریمہ سورہ معارج آیت

حامل اور واردات قلبی کے آیئنہ دار ولیوں میں سے ہیں اُن کے واردات قلبی حیرت آفرین ہیں اُن کے معنوی مقامات کا کچھ حصہ سُن لے آپ نے الٰہی سال کے حساب سے تیس لاکھ برس عرش سے اوپر عالم بالا میں پرواز کی ہے پھر تیس لاکھ برس خدا تعالیٰ کا مظہر ذات بنے رہے سا ل الٰہی کا ہر ہر دن شمسی پچاس ہزار سالوں کے برابر ہے فنافی اللہ کے بعد بقاباللہ کا جو مقام انہیں حاصل تھا میں کہتا ہوں کہ وہ کسی کو نہیں ملا اُن کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا (سا روحانی) ۱۰۶ ارتبہ ملا ہے کسی کو اس رتبہ کے حصول کی مجال نہیں ہے-

۱۰۵- یہ صاحب میر سید محمد نور بخش کا نہایت عزیز مرید ہے جو میر کی موجودگی میں میر اور ان کے مریدوں کو نماز پڑھاتے تھے ان کا ذکر نوریہ اور معراجیہ دونوں میں بھی موجود ہے

۱۰۶- سید العارفین قدس سرہ نے اس کلام میں حضرت شیخ محمد الوندی قدس سر کے معنوی مقام کی تصریح کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کی طرف بھی اشارہ فرمایا ہے **یکو ن فی هذا الا مة ار بعو ن علی 'خلق ابر اهیم علیه السلا م و سبعة علی خلق مو سیٰ علیه السلا م و ثلا ثة علی خلق عیسٰی علیه السلام و واحد علی خلق محمد صلی الله علیه وا له وسلم فهم علی مر ا تبهم سا دة الخلق** یعنی اس امت میں چالیس ولی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خلق پر، سات حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اخلاق پر تین حضرت عیسٰی علیہ السلام کے رتبہ پر اور ایک حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے خلق عظیم پر فائز ہوئے ہیں سو یہ لوگ اپنے مراتب کے مطابق مخلوق کے سردار ہیں- حضرت شیخ ابوعثمان مغربی قدس سرہ اس حدیث پاک کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ چالیس ابدال ہیں سات امناء ہیں اماموں میں سے تین خلفاء ہیں اور ایک قطب ہے قطب ان سب کو جانتا ہے اور ان کے حالات سے مطلع ہوتا ہے اور وہ اولیاء اللہ کا امام ہوتا ہے اور وہ تین جوائمہ میں سے خلفاء ہیں یہ ان ساتوں سے واقف ہیں اور چا لیس کو بھی جانتے اور ان تینوں کو یہ سات اور چالیس نہیں جانتے اور وہ جو (باقی حاشیہ اگلے صفحے پر)

علاؤ الدولہ عبداللہ ہمدانی

بـد وران پیشــش اگر مثل هست   بــد و عــلادولــه عبـد الله اسـت
کـه بـر ایـن نـمط بود آن مرد راه   دگر زین نمط نیست کس را کلاه
ولایـت تـرقـی کند مـاه و سـال   شود قطب از قطب آنکس بحال

زمانے میں اس کے پایہ کا اگر کوئی ہے تو وہ علاؤ الدولہ عبداللہ ہمدانی قدس سرہ ہیں کیونکہ وہ بھی ایسا رہروطریقت ہے جو اسی روش پر گامزن ہے اس بندہ کا کسی اور نے تاج ولایت نہیں پہنا اُن کی بساط قرب روز افزوں ترقی کر رہی ہے (یہاں تک کہ اب) وہ قطب کے درجے پر فائز ہونے والا ہے

محمد سوپری

مـحـمـد کـه ظاهر ازو ابتر است	بـود مـرد مـعـنی و از شو پرست
ولیــکــن بــاولـونـد دارد مقــام	بـظــاهــر خـراب و بباطن تمـام
بــود در بــرو جـرم خـامـوش نـام	در اخـلاق نیک اسـت و مــرد تمام

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) امناء ہیں وہ چالیس کو جانتے ہیں اور دوسرے اولیاء کو نہیں جانتے جب ان چالیس میں سے کوئی ایک کم ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اولیاء میں سے کسی کو اس کی جگہ لاتا ہے اور جب ان تین میں سے ایک کم ہو جاتا ہے تو ان سات میں سے کسی کو اس کی جگہ پر لے آتے ہیں اور جب قطب فوت ہو جاتا ہے جو تعداد میں ایک ہی ہوتا ہے اور اس کے ساتھ مخلوق خدا قائم ہے تو اس کی جگہ ان تینوں میں سے ایک کو کھڑا کر دیتا ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے قیامت قائم ہو جائے -

زمال و زجاه جهان تارک است　براه طریقت کنون سالک است
زکشف و صفا با نصیب است وی　بتوحید و مشرب جو جام است و می
بعزت چو نار و بهمت چو نهر　بود در علوم او زاعیان دهر

گوشیخ محمد قدس سرہ کا ظاہر زبوں حال لگتا ہے مگر آپ عالم معنی کا مرد میدان ہیں گو آپ سوپر سے (تعلق رکھتے) ہیں مگر آپ کا قیام الوند (ہمدان) میں ہے ظاہر میں آپ ناگفتہ بہ حالات کے حامل ہیں لیکن باطن میں باکمال ولی ہیں آپ بروجرم میں خاموش کے نام سے معروف ہیں اخلاق فاضلہ میں آپ ایک کامل ہستی ہیں طریقت کے راستے پر چل رہے ہیں کشف وصفا سے بہرور ہیں مشرب (عرفان) کے جام سے مئے توحید نوش فرماتے ہیں آپ کی عزت آگ کی طرح (رفیع الشان) اور ہمت دریا کی مانند (رواں) ہیں علوم ومعارف میں آپ نابغۂ روزگار ہیں۔

محمد خرم آبادی

محمد که او خرم آبادی است　دلش ذاکر و همتش عالی است
چو آید بصحبت شود مرد کار　بماند از وفقر در روزگار

شیخ محمد قدس سرہ جو کہ خرم آباد کے ہیں کا دل یاد حق میں لگا ہوا ہے اور آپ کی ہمت بہت بلند ہے جب آپ (مرشد کامل کی) صحبت میں باریاب ہونگے تو بڑا کام کا آدمی بن جائے گا اور دنیا میں آپ کی وجہ سے فقر حقیقی کو بقا ملے گی۔

خوزستان

بخوزستان گر بجوی ولی

نشان گویمت تا شود مقبلی۱۰۷

اگر تجھے (مقصد) خوزستان میں کسی ولی اللہ کی تلاش ہے تو میں تجھے (اس کا) نشان بتا دیتا ہوں (جس کے تحت) تو صاحب اقبال ہو-

عیسی خوزستانی

چو عیسی یکی سالکی عارفی	زکشف و۱۰۸ از اطوار دل واقفی
بملک حویزہ نباشد دگر	مگر اوفتد رہ روی را گزر ۱۰۹

سرزمینِ حویزہ (خوزستان) میں شیخ عیسیٰ خوزستانی قدس سرہ کے پایہ کا کوئی اور سالک عارف اور اطوار دل سے آگاہ نہیں ہے وہاں جو بھی راہیٔ طریقت ہے اس کا واسطہ شیخ موصوف سے پڑتا ہے-

احمد مزیری

چو احمد دگر سالکی در مزیر	دریں دم نیابی ز برنا و پیر
برو صالح از سالکان گزین	کہ ترس خدا دارد و درد دین

